بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

لمعات

اُسوۂ حُسنہ

(ارباب شریعت کی خصوصی توجہ کے لئے)

رسول اللہ ﷺ خدا کی طرف سے ایک ضابطۂ حیات (دین) لائے جس پر سب سے پہلے حضورؐ نے خود عمل فرمایا۔ آپ کے اس عمل کو عام اصطلاح میں سنت کہا جاتا ہے۔ جس کا تحریری ریکارڈ احادیث کے ان مجموعوں میں ملتا ہے جو مختلف ائمہ حدیث نے وقتاً فوقتاً مرتب کئے۔ چونکہ یہ مجموعے حضورؐ کی وفات کے بہت بعد مرتب ہوئے۔ اس لئے ان میں صحیح باتوں کے ساتھ غلط باتیں بھی شامل ہو گئیں۔ چونکہ رسولؐ اللہ کی ساری زندگی قرآن ہی کے اتباع میں گذری تھی اور قرآن ہمارے پاس اپنی اصلی شکل میں موجود ہے۔ اس لئے ان مجموعوں میں جتنی باتیں ایسی ہیں جو قرآن کے خلاف نہیں جاتیں ان کے متعلق تسلیم کیا جا سکتا ہے کہ وہ صحیح ہیں۔ اس طرح قرآن کی روشنی میں اس ریکارڈ سے رسول اللہ ﷺ کی ایسی سیرت ہمارے سامنے آجاتی ہے جو ہمارے لئے زندگی کی تاریکیوں میں شمع ہدایت اور تمام نوع انسانی کے لئے روشنی کے جگمگاتے مینار کا کام دیتی ہے۔ اسی کو رسولؐ اللہ کا اسوہ حسنہ کہتے ہیں۔ یعنی وہ ماڈل جس کے مطابق زندگی بسر کرنے سے انسان زندگی کے مقصود و منتہیٰ تک پہنچ جاتا ہے۔ طوبیٰ لہم و حسن مآب۔

جزئیات کو چھوڑ کر بہ ہیئت مجموعی حضورؐ نے جس انداز کی زندگی بسر کی۔ اس کے متعلق علامہ شبلی نے مختلف کتب روایات و سیر کے حوالوں سے سیرۃ النبی (جلد اول) میں حسب ذیل تفصیل لکھی ہے۔

''مصنفین یورپ کا عام خیال ہے کہ آنحضرت جب تک مکہ معظّمہ میں تھے تو پیغمبر تھے۔ مدینہ پہنچ کر پیغمبر سے بادشاہ بن گئے لیکن واقعہ یہ ہے کہ آپ تمام عرب کے زیرنگیں ہو جانے پر بھی فاقہ کش رہے۔ صحیح بخاری، باب الجہاد میں روایت ہے کہ وفات کے وقت آپ کی زرہ ایک یہودی کے ہاں تین صاع جو پر گرو تھی۔ جن کپڑوں میں آپ نے وفات پائی ان میں اوپر تلے پیوند لگے ہوئے تھے۔ یہ وہ زمانہ ہے جب تمام عرب حدودِ شام سے لے کر عدن تک فتح ہو چکا ہے اور مدینہ کی سرزمین میں زر و سیم کا سیلاب آچکا ہے......

حضرت عائشہ فرماتی ہیں: ولا یطوی' لہ' ثوب کبھی آپ کا کوئی کپڑا تہہ کر کے نہیں رکھا گیا۔ صرف ایک جوڑا کپڑا ہوتا تھا۔ دوسرا

نہیں ہوتا تھا جو تہہ کر کے رکھا جا سکتا۔

گھر میں اکثر فاقہ رہتا تھا اور رات کو تو اکثر آپ اور سارا گھر بھوکا سوتا تھا۔

كان رسول الله يبيت الليالى المتتابعة طاويا هو واهله لا يجدون عشاء۔

آپ اور آپ کے اہل وعیال متصل کئی کئی رات بھوکے رہ جاتے تھے۔ کیونکہ رات کا کھانا میسر نہیں ہوتا تھا۔

پیہم دو دو مہینے تک گھر میں آگ نہیں جلتی تھی۔ حضرت عائشہ نے ایک موقعہ پر جب یہ واقعہ بیان کیا تو عروہ بن الزبیر نے پوچھا کہ آخر گذارا کس چیز پر تھا؟ بولیں کہ پانی اور کھجور۔ البتہ ہمسائے کبھی کبھی بکری کا دودھ بھیج دیتے تھے تو پی لیتے تھے۔ آپ نے تمام عمر کبھی چپاتی کی صورت نہیں دیکھی۔ میدہ جس کو عرب میں حواری اور نقی کہتے ہیں کبھی نظر سے نہیں گذرا۔ سہل بن سعد جو اس واقعہ کے راوی ہیں ان سے لوگوں نے پوچھا کہ کیا آنحضرتؐ کے زمانہ میں چھلنیاں نہیں تھیں بولے نہیں۔ لوگوں نے کہا پھر آخر کس چیز سے آٹا چھانتے تھے۔ بولے منہ سے پھونک کر بھوسی اڑا دیتے تھے۔ جو رہ جاتا تھا اسی کو گوندھ کر پکا لیتے تھے۔

حضرت عائشہ فرماتی ہیں کہ تمام عمر یعنی مدینہ کے قیام سے وفات تک آپ نے کبھی دو وقت سیر ہو کر روٹی نہیں کھائی۔ ایک دفعہ ایک شخص خدمت اقدس میں حاضر ہوا کہ سخت بھوکا ہوں۔ آپ نے ازواج مطہرات میں سے کسی کے ہاں کہلا بھیجا کہ کچھ کھانے کو بھیج دو۔ جواب آیا کہ گھر میں پانی کے سوا کچھ نہیں آپ نے دوسرے گھر کہلا بھیجا۔ وہاں سے بھی یہی جواب آیا۔ مختصراً یہ کہ آٹھ نو گھروں میں سے کہیں پانی کے سوا کھانے کی کوئی چیز نہ تھی۔

حضرت انسؓ کا بیان ہے کہ ایک دن خدمت اقدس میں حاضر ہوا تو دیکھا کہ آپ نے شکم کو کپڑے سے کس کر باندھا ہے سبب پوچھا تو حاضرین میں سے ایک صاحب نے کہا کہ بھوک کی وجہ سے۔

ایک دفعہ صحابہ نے آنحضرتؐ کی خدمت میں فاقہ کشی کی شکایت کی اور پیٹ کھول کر دکھایا کہ پتھر بندھے تھے۔ آپ نے شکم کھولا تو ایک کے بجائے دو دو پتھر تھے۔'' (ص ۳۴۹ تا ۳۵۲)۔

یہ تو رہا زندگی بھر کا معمول۔ اب عمر کے آخری وقت کی کیفیت ملاحظہ فرمائیے۔

بیہقی کی روایت ہے کہ اس بیماری (مرض الموت) کے ایام میں حضورؐ کے پاس سات دینار تھے اور حضور فرماتے تھے کہ انہیں صدقہ کر دو۔ لیکن اسکے بعد حضور پر غشی طاری ہوگئی اور سب لوگ آپ کی تیمارداری میں مصروف ہوگئے۔ آپ کو ہوش ہوا تو فرمایا کہ انہیں لے آؤ۔ دینار کو حضورؐ نے اپنے ہاتھ پر رکھ کر فرمایا کہ محمدؐ کا اپنے رب پر کیا گمان ہوگا جب کہ وہ اپنے رب سے ملے اور اس کے پاس یہ ہو۔ پھر حضورؐ نے انہیں خود صدقہ کر دیا۔ (اصح السیر۔ مولانا عبدالرؤف دانا پوری، ص ۲۵۰)، نیز سیرۃ النبی شبلی حصہ اول (ص ۱۷۹)۔

یہ تھی وفات کے قریب کی مالی حالت۔ وفات کے بعد (ترکہ) کے متعلق اسی اصح السیر میں ہے۔

''یہ معلوم ہو چکا ہے کہ مرض الموت میں وفات کے قریب حضورؐ کے پاس کل سات دینار تھے۔ اس کو خود حضورؐ نے اپنے ہاتھ سے صدقہ کر دیا تھا۔ چند مکانات تھے۔ وہ ازواج مطہرات پر بٹے ہوئے تھے اور انہیں کے قبضے میں تھے...... کچھ زمینیں تھیں۔ جلیل القدر اصحاب میں اس کی ملکیت کے متعلق اختلافات ہیں مگر صحیح یہی ہے کہ وہ

فے یا صدقہ کی زمینیں تھیں اور من جانب اللہ اس پر تصرف کا حضورؐ کو کامل اختیار تھا۔ لیکن وہ ذاتی ملکیت نہ تھی جس میں وراثت جاری ہو سکے حضرت عائشہ فرماتی ہیں۔

ما ترك رسول الله درهماً ولا ديناراً ولا شاةً ولا بعيراً ولا اوهى بشئ (رواہ مسلم) حضور نے نہ درہم چھوڑا نہ دینار۔ نہ بکری نہ اونٹ اور نہ کسی چیز کی وصیت کی۔ ام المومنین حضرت جویریہؓ کے بھائی عمرو بن الحارثؓ کی روایت بخاری میں ہے۔ ما ترك رسول الله عند موته ديناراً ولا درهماً ولا عبداً ولا امة ولا شيئا الا بغلة البيضاء وسلاحه وارضاً جعلها صدقة رسولؐ اللہ نے وفات کے وقت نہ دینار چھوڑا' نہ درہم۔ نہ غلام نہ لونڈی' نہ کوئی اور شے لیکن ایک سفید خچر اور سلاحِ جنگ اور زمینیں جسے حضورؐ نے صدقہ کر دیا تھا'' (ص ۵۴۵)۔

علامہ شبلی نے ''متروکات'' کے عنوان کا آغاز ہی ان الفاظ سے کیا ہے۔

آنحضرتؐ نے جب انتقال فرمایا تو اپنے مقبوضات و جائداد میں سے کیا کیا چیزیں ترکہ میں چھوڑیں؟ اس سوال کا اصل جواب تو یہ ہے کہ آپ خود اپنی زندگی میں اپنے پاس کیا رکھتے تھے جو مرنے کے بعد چھوڑ جاتے اور اگر کچھ تھا بھی تو اس کے متعلق عام اعلان فرما چکے تھے کہ لا نورث ما تركنا صدقة ہم (انبیاءؑ کا) کوئی وارث نہیں ہوتا جو چھوڑا وہ عام مسلمانوں کا حق ہے۔ (ص ۱۸۵)۔

(اس کے بعد انہوں نے بھی اپنی روایات کو درج کیا ہے۔ جو اوپر لکھی جا چکی ہیں۔)

یہ ہے حضورﷺ کی معاشی زندگی کا وہ مجموعی نقشہ جو کتب روایات کی رو سے مرتب ہوتا ہے یہ روایات احادیث کے مختلف مجموعوں میں ہیں لیکن (جہاں تک ہمیں معلوم ہے) ان کی صحت کے متعلق کسی کو بھی اختلاف نہیں۔ ان سے یہ واضح ہے کہ۔

(۱) نبی اکرمؐ نے (''بادشاہی'' کے زمانہ میں بھی) نہایت سادہ زندگی بسر فرمائی۔ ایسی سادہ کہ حضورؐ نے کبھی فالتو جوڑا کپڑوں کا بھی نہ رکھا۔

(۲) حضورؐ نے اپنے پاس کبھی مال جمع نہیں کیا۔ جو کچھ آتا تھا' اس سے اپنی کم از کم ضروریات پوری کرنے کے بعد باقی رفاہ عامہ کے لئے صرف کر دیتے تھے۔

(۳) حضورؐ نے کوئی جائداد یا مال ترکہ میں نہیں چھوڑا جو کچھ اشیائے مستعملہ میں سے چھوڑا اس کے متعلق بھی فرما دیا کہ وہ عام مسلمانوں کا حق ہیں۔

ہمارے نزدیک حضورﷺ کی حیات طیبہ کا یہ نقشہ اس لئے صحیح ہے کہ یہ قرآن کے منشاء کے عین مطابق ہے۔ حضورؐ جس قرآنی نظام کے قیام کے لئے تشریف لائے تھے۔ اس میں نہ روپیہ جمع کرنے کی اجازت ہے نہ زمین وغیرہ پر ذاتی ملکیت جائز اور جب یہ صورت ہو کہ نہ کسی کے پاس جمع شدہ روپیہ ہو اور نہ ہی ذاتی جائداد' تو پھر ترکہ اور وراثت کا سوال ہی پیدا نہیں ہوتا (قرآن میں وراثت کے جو احکام ہیں وہ اس عبوری دور کے لئے ہیں جس میں ہنوز وہ نظام قائم نہ ہوا ہو۔ ویسے بھی وراثت کے احکام اسی پر نافذ ہوں گے جو ترکہ چھوڑ کر مرے۔ جس کا کچھ ترکہ ہی نہ ہو' اس پر ان احکام کا اطلاق ہی نہیں ہوتا' باقی رہی سادگی یا غریبی کی زندگی سو اسلام آسائش اور

خوش حالی کی زندگی سے منع نہیں کرتا۔ لیکن حضورؐ جس قرآنی نظام کے داعی تھے اس میں آپؐ خوش حالی کی زندگی بسر نہیں کر سکتے تھے۔ جب تک باقی تمام افراد بھی اتنے ہی خوش حال نہ ہو جاتے۔ آج بھی اگر کوئی جماعت اس نظام کے قیام کے لئے اٹھے گی۔ تو اسے اس قسم کے فقر و فاقہ کو اپنے سر لینا ہوگا۔ اس میں صدر مملکت یا مرکز نظام کی زندگی سب سے زیادہ سادگی اور غریبی کی زندگی ہوگی۔ البتہ جوں جوں معاشرہ خوش حال ہوتا جائے گا تو وہ بھی اسی نسبت سے خوشحالی کی زندگی بسر کرے گا۔ اس نظام کے السابقون الاولون کے لئے تو پیہم محنت و مشقت اور عسرت و افلاس کی زندگی ہوتی ہے اور یہ سب کچھ ان کا اپنے اوپر خود عائد کردہ ہوتا ہے کیونکہ وہ دوسروں کی ضروریات کو اپنی ضروریات پر ترجیح دیتے ہیں۔ یہی وہ خود عائد کردہ عسرت تھی جس کی وجہ سے حضورؐ اس قدر غریبی کی زندگی بسر فرماتے تھے۔

بہرحال یہ بات ہم نے محض ضمناً لکھ دی ہے جو کچھ ہم کہہ رہے تھے وہ یہ تھا کہ حضورؐ کی زندگی کا جو نقشہ کتب سیرت سے مرتب ہوتا ہے وہ سب کے نزدیک متفق علیہ ہے۔ یہاں سے ایک اہم سوال پیدا ہوتا ہے اور وہ یہ کہ جب رسول اللہ ﷺ کی زندگی یہ تھی تو اسی کو امت کے لئے اسوۂ حسنہ ہونا چاہئے۔ لیکن ہم دیکھتے یہ ہیں کہ حضورؐ کی اس زندگی کے متعلق وعظوں اور خطبوں میں تو بہت کچھ کہا جاتا ہے لیکن اسے بطور سنت یا اسوۂ حسنہ پیش نہیں کیا جاتا۔ نہ ہی اس پر عمل کیا جاتا اور کرایا جاتا ہے۔ سادہ زندگی بسر کرنے کی تلقین ضرور کی جاتی ہے لیکن از روئے شریعت جن باتوں کو ممنوع بتایا جاتا ہے وہ صرف مردوں کے لئے سونا اور ریشم پہننا اور چاندی سونے کے برتنوں میں کھانا پینا ہے جہاں تک مال جمع کرنے کا تعلق ہے یہ کھلے بندوں کہا جاتا ہے کہ نہ اس پر کسی قسم کی پابندی ہے نہ کوئی حد بندی۔ جائز ذرائع سے جس قدر مال جمع کر لیا جائے' شریعت کی رو سے بالکل درست ہے بشرطیکہ اس میں سے زکوٰۃ نکال دی جائے۔ اسی طرح ترکہ میں بھی جس قدر مال اور جائداد چھوڑی جائے سب جائز ہے بس اس کی تقسیم شریعت کے مقرر کردہ حصوں کے مطابق ہونی چاہئے۔ سوال یہ ہے کہ اگر لاکھوں روپے جمع کر کے رکھ لینے میں کوئی حرج نہیں اگر ان میں سے زکوٰۃ دی جائے اور بے حد و نہایت جائداد بنا لینے اور اسے چھوڑ مرنے میں کوئی مضائقہ نہیں اگر وہ میراث کے قاعدے کے مطابق تقسیم ہو جائے تو پھر' نبی اکرمؐ کے اسوۂ حسنہ سے کیا مفہوم ہے؟ اور وہ کن کے لئے اسوہ ہے؟ اگر یہ کہا جائے کہ اس قسم کی زندگی صرف رسولؐ اللہ کے لئے مختص تھی۔ عام مسلمانوں کے لئے نہیں تھی تو ایک تو یہ اس لئے صحیح نہیں کہ جتنے احکام رسولؐ اللہ کی ذات سے مخصوص تھے قرآن نے ان کی خود تصریح کر دی ہے۔ مثلاً ازواج مطہرات کو تبدیل نہ کر سکنے کا حکم یا ان کے امہات المومنین ہونے کا حکم۔ قرآن نے اس کی تصریح کہیں نہیں کی کہ حضورؐ نے جس قسم کی مالی زندگی بسر فرمائی تھی وہ ان احکام کے تابع تھی جو حضور کے لئے مختص تھے۔ پھر دوسری بات یہ کہ اگر حضورؐ کی یہ ساری زندگی احکام خصوصی کے تابع تھی جن کا اطلاق دوسرے مسلمانوں پر نہیں تھا تو یہ زندگی امت کے لئے اسوہ کس طرح بن سکتی ہے؟ اور اگر یہ کہا جائے کہ حضورؐ کی زندگی مکمل اسلام کی مظہر تھی جس تک امت کے افراد نہیں پہنچ سکتے تو پھر وہی سوال پیدا ہوتا ہے کہ وہ زندگی جس تک پہنچنا' دوسرے افراد کے لئے ناممکن ہو وہ ان کے لئے اسوہ (ماڈل) کیسے بن سکتی ہے؟ یہ تصور قرآنی تعلیم کے بھی خلاف ہے' اس لئے کہ اللہ تعالیٰ نے کہا ہے کہ چونکہ دنیا میں انسان بستے ہیں اس لئے ہم نے انسانوں میں سے رسول بھیجے۔ اگر یہاں فرشتے بستے تو ہم فرشتوں کو رسول بنا کر بھیجتے (۱۷/۹۵)۔ نیز قرآن میں اسوۂ حسنہ کا لفظ خصوصیت سے دو ہی شخصیتوں کے متعلق آیا ہے ایک حضرت ابراہیمؑ اور ان کے ساتھیوں

کے متعلق (۴/۶۰) اور دوسرے نبی اکرمؐ کے متعلق (۳۳/۲۱)۔ حضرت ابراہیم کی جس خصوصیت کبریٰ کے تذکرہ کے بعد اسوۂ حسنہ' کہا گیا ہے۔ وہ یہ ہے کہ جو لوگ اس پیغام خداوندی کے مخالف ہیں ان سے کوئی قلبی تعلق نہ رکھا جائے۔ بعینہ یہی حکم دوسری جگہ عام مسلمانوں کے لئے بھی آیا ہے (۱۳/۱۱۷) اس سے ظاہر ہے کہ اگر مسلمانوں کے لئے حضرت ابراہیمؑ کے اس خصوصیت تک پہنچنا' ممکن ہوتا تو پھر انہیں بالتصریح اس خصوصیت کا حکم نہ دیا جاتا۔ یہی چیز نبی اکرمؐ کے اسوۂ حسنہ پر صادق آتی ہے۔ یعنی اگر مسلمانوں کے لئے اس تک پہنچنا ناممکن ہوتا۔ تو اسے ان کے لئے اسوہ قرار کیون دیا جاتا؟

ممکن ہے یہ کہا جائے کہ بات ناممکن کی نہیں بلکہ درجات کی ہے۔ جو مسلمان ان امور سے رک جاتا ہے۔ جنہیں شریعت نے ناجائز قرار دیا ہے تو وہ دین کے پہلے درجے میں آجاتا ہے اس کے بعد وہ جس قدر اس میں پختگی حاصل کرتا اور آگے بڑھتا جاتا ہے۔ اس کے درجات بلند ہوتے جاتے ہیں۔ رسولؐ اللہ ان مدارج کی بلند ترین سطح پر فائز تھے۔ لہذا پہلے درجہ کا مسلمان بھی متبع سنت ضرور ہوتا ہے۔ پھر جوں جوں وہ اتباع سنت میں ترقی کرتا جاتا ہے حضورؐ کے اسوۂ حسنہ کے قریب تر ہوتا چلا جاتا ہے تا آنکہ وہ آخرالامر اسی رنگ میں رنگا جاتا ہے یہ ٹھیک ہے لیکن سوال یہ ہے کہ اس تیرہ سو سال میں امت کو اس آخری درجہ تک لانے کے لئے کیا کوششیں ہوئی ہیں؟ سابقہ تاریخ کو تو چھوڑیئے ہمارے دور میں تو یہی کیفیت ہے کہ جو مسلمان پہلے درجہ میں آجاتے ہیں انہیں مطمئن رکھا جاتا ہے کہ انہوں نے دین کا منشاء پورا کر دیا ہے اور وہ متبعین سنت رسولؐ اللہ بن گئے ہیں۔ بڑے بڑے زمیندار' کارخانہ دار' صاحب جائداد۔ وہ زراندوز جنہوں نے کروڑوں روپے جمع کر رکھے ہیں اگر وہ زکوٰۃ ادا کر دیتے ہیں یا ارباب شریعت کے بتائے ہوئے کاموں میں کچھ خیرات کا روپیہ دے دیتے ہیں تو انہیں متبعین شریعت ہونے کی سند مل جاتی ہے وہ خدا اور رسول کی رضا جوئی حاصل کر لیتے اور دین کا منشاء پورا کر دیتے ہیں۔ اس کے بعد ان سے کوئی نہیں کہتا کہ اتباع سنت اسی صورت میں مکمل ہو گی جب تم حضورؐ کے اسوۂ حسنہ کی پیروی میں ایسی زندگی بسر کرو گے کہ نہ تمہارے پاس کچھ جمع ہو اور نہ ہی تم کچھ ترکہ چھوڑو۔

ہم پاکستان کے ارباب شریعت سے دریافت کرنا چاہتے ہیں کہ:

(۱) نبی اکرمؐ کی حیاتِ طیبہ کا جو مجموعی نقشہ کتب سیرت کی رو سے پیش کیا گیا ہے وہ صحیح ہے یا نہیں؟

(۲) اگر وہ صحیح ہے تو امت کے لئے اس اسوۂ حسنہ کی اتباع ضروری ہے یا نہیں؟

(۳) اگر اس کی اتباع ضروری ہے تو جو لوگ لاکھوں روپے جمع کرتے اور کروڑوں کی جائدادیں بناتے ہیں' اور ساری عمر یہی کچھ کرتے رہتے ہیں۔ انہیں متبع سنتِ رسولؐ اللہ سمجھا جائے گا یا نہیں؟

(۴) اگر وہ لوگ متبع سنت رسولؐ اللہ نہیں تو پاکستان کے مسلمانوں کو اس سنت نبویؐ پر چلانے کے لئے یہاں کیا کوششیں ہو رہی ہیں؟

اگر کوئی تحریک اس اتباع سنت کی دعوت دے اور ایسے اسلامی معاشرہ کے قیام کی کوشش کرے جس میں حضورؐ کے اس اسوۂ حسنہ کی اتباع ممکن اور آسان ہو جائے تو ایسی تحریک کی تائید کرنی چاہیے یا مخالفت؟

جو حضرات اس اہم موضوع پر سنجیدگی سے گفتگو کرنا چاہیں' طلوع اسلام نہایت خندہ پیشانی سے انہیں خوش آمدید کہے گا۔

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

ڈاکٹر حبیب الرحمٰن خان' ایم ڈی

میں آج کیوں ذلیل؟

مرزا غالب کا ایک شعر بار بار یاد آیا

ہیں آج کیوں ذلیل کہ کل تک نہ تھی پسند
گستاخی فرشتہ ہماری جناب میں

ساتھ ہی قرآن مجید کا یہ حکم ''**تتفکرو**'' غور و فکر کرو' **وامنو عملو الصالحات** نظروں کے سامنے آیا۔ میں نے سوچا کہ قرآن کریم کے ذریعہ ہی اس کو سمجھنے کی کوشش کی جائے۔

اللہ تعالیٰ نے دو قسم کی مخلوق پیدا کی۔ انسان اور غیر انسان۔ غیر انسان کے ہر فرد کو ان کے فرائض اور ان کے حدود پیدائش کے ساتھ ہی ان کی ساخت میں شامل کر دیا گیا۔ لیکن انسانوں کے سلسلے میں انہیں علم، علم سیکھنے کی عقل اور قوت فیصلہ عطا کیا' لیکن عقل انسانی اپنے تحفظ و فائدہ کی طرف سوچتی ہے۔ عقل کے ذریعے اسے صحیح یا غلط راستے میں فرق کرنا نہیں آتا۔

اللہ تعالیٰ نے مختلف اوقات میں اپنے انبیاءؑ کے ذریعے وحی سے ان وقتوں کے انسان کو ان کے فرائض اور صحیح اور غلط راستوں سے آگاہ کیا۔ اس طرح انہیں اپنے کاموں کے لئے جوابدہ ہونا بتایا گیا۔ انسانی تاریخ اس سے بھری پڑی ہے۔ نیکی کا انجام فلاح اور ترقی یعنی جزا برائی کا انجام' غلطی کے لحاظ سے سزا۔

انبیاء کرام اللہ تعالیٰ کے پروگرام کے لحاظ سے آتے رہے ان سب کو ایک ہی قسم کے احکام دیے جاتے رہے وحی کے ذریعے جب انسان کی عقل میں اتنی پختگی آ گئی۔ اللہ تعالیٰ نے اپنے آخری نبی' پیغمبر جناب محمد رسول اللہ ﷺ کے ذریعے اپنا آخری پیغام مکمل طور پر قرآن مجید کی شکل میں 23 برس میں نازل کیا۔ یہ ہر لحاظ سے مکمل بھی تھا اور اس کے حفاظت کا ذمہ اللہ تعالیٰ نے خود لیا۔ اس لئے س کے بعد کسی نبی کی ضرورت کا سوال ہی نہیں پیدا ہوتا۔ اللہ تعالیٰ نے اپنے آخری نبیؐ کے ذریعہ انسانیت کو مکمل طور پر قران مجید یعنی ہدایات اور احکام دیے جو کہ زندگی کے ہر گوشے کے لئے ہیں۔ ہمارے نبیؐ نے لوگوں کو یہ سمجھا کر ان پر عمل کروایا۔ یعنی ایمان اور عملی طور دونوں پر لوگوں کو عمل کرا کے تیار کیا۔

اللہ تعالیٰ نے قرآن مجید کے ذریعے ان کی

وضاحت فرمائی۔

سب سے پہلے ایمان اللہ تعالیٰ پر ایمان رسول اللہ ﷺ پر دیگر انبیاء کرام پر ایمان ان کی طرف بھیجی ہوئی الہامی کتابوں پر' ایمان مرنے کی بعد کی زندگی اور اعمال کے جوابدہ ہونے پر' ایمان نظام صلوٰۃ و زکوٰۃ پر ایمان اور عمل' بعض نہ تبدیل ہونے والے احکام پر ایمان کے ساتھ عمل پوری دنیا کے انسان کو ایک قوم سمجھنا اور ان کی عزت کرنا' علم حاصل کرنا' عدل و انصاف قائم کرنا' اپنے فرائض زندگی ہر شعبے میں پورا کرنا' معاملات مشورے سے طے کرنا' زندگی کے مختلف گوشوں میں تحقیق' قانون فطرت کو سمجھ کہ ان پر عبور حاصل کرنا اور انسانیت کے فائدے کے لئے استعمال کرنا' نقصان کے لئے نہیں اس کی وضاحت کر دی گئی ہے کہ یہ احکام جملہ انسانوں کے لئے تھے اور ہیں۔ جو نیک عمل کرے گا' نتیجہ پاتا ہے جو اس کی طرف توجہ نہیں دیتا نہ یقین کرتا ہے وہ نقصان میں رہتا اور تباہ و برباد ہو کے رہتا ہے۔ انسان کی تاریخ اس سے بھری پڑی ہے۔

اسلام کے ابتدائی دور میں اس کو سمجھ کر عمل ہوتا رہا ہے۔ بعد میں اسلامی ممالک نے ان کے طرف سے توجہ ہٹا دی نتیجہ میں ان کے یہاں مختلف طبقات بنتے چلے گئے دولت کی تقسیم صحیح نہ رہی چند امیر اور بہت زیادہ غریب ہوتے گئے۔ علم و تحقیق کو چھوڑنے کا نتیجہ ترقی کی راہیں خود بند کر دیں' عدل و انصاف باقی نہ رہا ہمارے روزمرہ جو ذمہ داریاں مختلف شعبوں میں آتی تھی اس سے غفلت برتی' اپنے عقائد میں اس قسم کی تبدیلیاں آنے دیں کہ قرآن کو صرف پڑھنا کافی ہے نہ سمجھ کر پڑھنا نہ اس پر عمل کرنا م۔ ہماری عبادت کی روح اور سمجھ بوجھ ختم کر دی گئی الفاظ کو دہرانا بغیر سمجھے اور احکام کی روح اور مقصدیت سے دور رسموں پر عمل کرنا' دین سمجھا جانے لگا۔

اللہ تعالیٰ نے قرآن مجید میں فرمایا ہے: کیا تم اس نظام دیعنی قرآنی کو قائم رکھنا چاہتے ہو اس کی دو باتیں بنیاد ہیں۔ کتاب کا ہونا' (قرآن مجید کا) جس کا ذمہ حفاظت کا اللہ نے لے رکھا ہے دوسری وہ تنظیم جو اس پر عمل کر کے چلائے اور کسی قسم کی عملاً کمی نہ آئے دین' ایک مرکز کے ماتحت۔ قرآن تو مجود ہے لیکن وہ تنظیم اور مرکز مسلمانوں کا غائب ہے۔

آیئے اب ترقی یافتہ ملکوں پر نظر ڈالیں یہ حقیقت ہے کہ وہ ایمان جو قرآن سکھاتا ہے وہ نہیں مانتے یا انکار کرتے ہیں۔ لیکن وہ ہمارے فطرت کے قوانین پر عمل کرتے ہوئے اس سے فائدہ اٹھا رہے ہیں۔ قانون فطرت اپنے یعنی ایمان والوں اور غیر ایمان والوں میں قانون مکافات کے مطابق کوئی فرق نہیں کرتا۔ اس کی چند مثالیں سامنے لے آئیں۔ ترقی یافتہ ممالک اپنے کے باشندوں کی اور غیر ملک کے باشندوں کی قابلیت اور تجربہ میں کوئی تمیز نہیں کرتے اس طرح قابل لوگوں کو اپنے ملک کی شہریت بھی دیتے ہیں کیا مسلمان ملک دوسرے ملکوں کے باشندوں کے ساتھ برابر کا سلوک کرتے ہیں۔ اور اپنے ملک کی شہریت بھی دیتے ہیں؟

دوسری جنگ عظیم میں جاپان اور جرمنی تباہ ہو گئے لیکن انہوں نے اپنی ملک کی تعمیر میں مختلف رشتوں کو برابر کا

درجہ دیا۔ اب وہ دونوں ملک معاشی اور سیاسی حیثیت سے 2 اور 3 نمبر پر ہیں۔ قرآن مجید نے مرد اور عورت کو حقوق برابر دیے مرد اور عورت اپنے فرائض اور ذمہ داریاں برابر برابر انجام دیں۔ مرد جو کمائے وہ اس کا اور عورت جو کمائے وہ اس کا۔ اسی طرح مرنے کے بعد جائیداد کی تقسیم مرد اور عورت دونوں کے حصوں کا اعلان کیا۔ ان قرآنی احکام کے باوجود اس پر جب عمل کرنا چھوڑ دیا۔ مسلم گرتے چلے گئے مرد عورتوں کو برابر کے حقوق نہیں دیے جا رہے۔ ترقی یافتہ ملکوں میں دنووں کے انسانی حقوق برابر تسلیم کئے جاتے ہیں اور عورتیں مختلف ذمہ داریاں اور تحقیق کے کاموں میں برابر کی شریک ہیں۔

اب آیئے تعلیم کی طرف' اللہ تعالیٰ نے اپنے آخری نبیؐ کے ذریعے پہلا لفظ جو انسانوں کو پہنچایا وہ تھا ''اقراء'' یعنی تعلیم حاصل کرنے کی ہدایت۔ ایک زمانہ تھا اسلام کے اولین دور میں مسلمانوں کی ترقی تعلیم' تربیت اور تحقیق کے ذریعے انہیں صف اول میں پہنچا دیا۔ جب ہم اس تعلیم سے دور ہو گئے ایک ارب 25 کروڑ سے زائد مسلمان اور 56 یو این او کا ممبر ہونا کسی شمار میں نہیں آیا۔ مسلمانوں کے ممالک کی شرح تعلیم بہت ہی کم ہے۔ خصوصیت کے ساتھ بچیوں اور عورتوں کی۔ یہ ایک نصیحت ہے موجودہ مسلمانوں کے لئے کہ تنظیم و ترقی کے لئے تعلیم اور اسلامی تعلیم ہی بنیاد ہے جس کے ساتھ امن اور ترقی بھی حاصل کرتا ہے۔ اس سلسلہ میں چند قوانین وضاحت کے ساتھ قرآن مجید میں دیئے گئے جب تک عمل ہوتا رہا ہم امن کے ساتھ ترقی کرتے گئے اور دیگر اقوام کو راستہ دکھاتے رہے۔ یہاں ان کی وضاحت کرتا چلوں کہ صرف ان قوانین کا پڑھ لینا یا ان کے متعلق تقریریں سننا کافی نہیں قاعدے قانون بنانے چاہئیں اور ان پر عمل کیا جائے ایمان کے ساتھ نیک عمل ضروری ہے۔

روس اور دیگر ممالک کے زوال کے تجربہ کے بعد ترقی یافتہ ممالک نے اپنی سوچ بچار کے بعد کئی صدیوں کی کوشش اور صلاح مشورں سے بعض نتیجے پر پہنچے' کام کرو' ایمانداری سے کرو' اس کو زندگی کا فرض سمجھ کر کرو' تنظیم کے ساتھ قانون پر عمل کرتے ہوئے کرو' حکومت کے واجبات ادا کرو' اس سے چوری کی سزا سخت دی جا رہی ہے۔

کیا یہ احکام انہیں وحی کے ذریعے دیے گئے نہیں وہ اپنے تجربات اور تحقیق کے بعد اپنی قوم کے انسانیت کی فلاح کے لئے مقرر کئے ایک بات یہاں ذکر کروں۔

اللہ تعالیٰ کے احکام پر عمل کرنے سے انسانی کوشش کم سے کم وقت میں نتیجہ حاصل کر لیتی ہے وہ برسوں کی لگاتار کوششوں کے بعد اس نتیجہ پر پہنچا ہے جو ہدایت قرآن اسے پہنچانا چاہتا ہے جہاں یہ بتایا گیا کہ ایمانداری سے کام کرو اور ان کی قیمت تمہیں ملے گی۔ وہ مغرب یا ترقی یافتہ ممالک نے اپنے تجربہ کے بعد موجودہ ٹیکس کا نظام نافذ کیا۔ اس وصول کردہ ٹیکس سے وہ کیا کرتے ہیں۔ غریبوں کی دیکھ بھال' ضرورت مندوں کی ضرورت' بیماروں کا علاج' اپاہج لوگوں کی دیکھ بھال' بے روزگار اور بوڑھے لوگوں کا انتظام اور یہ تمام قوانین کے ذریعہ نافذ کرتے ہیں

جن پر سختی سے عمل ہوتا ہے۔ دونوں حکومت اور عوام ایمانداری سے عمل کرتے ہیں۔

بتائیے کیا اسلام میں زکوٰۃ کے متعلق یہ تمام احکام چودہ سو سال پہلے نہیں دیے گئے کیا اس پر دور اول میں عمل نہیں ہوا۔ موجودہ زکوٰۃ کے متعلق اس کے عمل کے متعلق ہمارا ملک ہی میں اتنا کہنا کافی ہے دھیانی سے کیا جا رہا ہے۔

قرآنی احکام میں عدل اور انصاف کی کتنی اور بار بار ہدایت کی گئی ہے۔ عدل و انصاف امن بغیر کسی خطرے کے کم وقت میں حاصل ہو زندگی پر سکون گزرے۔ اسی طرح گواہی دینے کی ہدایت ہے ترقی یافتہ ممالک اس کی بنیاد پر حکومت اور معاشرتی قوانین میں سختی سے عمل کرتے ہیں۔

کیا یہ عمل اسلامی ممالک میں قرآنی قوانین کے مطابق ہوتا ہے جب ہوتا رہا اس کا نتیجہ امن اور ترقی اور سکون تھا۔ معاشرتی ترقی تھا بغیر کسی فرد پر بوجھ بنے ہوئے روپیہ کی تقسیم جائیداد کی تقسیم زکوٰۃ کا نظام' عوام اور حکومت کے افراد ایماندارانہ طریقے سے کرتے رہتے ہیں۔

یہاں پر ترقی یافتہ ممالک کی خرابیوں کا ذکر نہیں کر رہا وہ اپنے معاشرے کی خرابیوں سے واقف ہیں اور خوف زدہ بھی۔ ساتھ اس کے ان سے نجات حاصل کرنے کی ترکیبیں بھی سوچ رہے ہیں۔ فحش ننگے پن کی' شراب کے برے اثرات کی وغیرہ لیکن ابھی تک ان کا کوئی حل تلاش نہیں کر سکے۔

کیونکہ ان کے سامنے وحی کے احکامات نہیں اور اس پر یقین نہیں ہے زندگی کے مختلف شعبوں میں مشورے بحث و تمیز کا حکم دیا ہے۔ قرآن کے ذریعے ہم ان پر عمل نہیں کرتے۔ ترقی یافتہ ممالک ان پر عمل کرتے ہیں اور علم اور تحقیق پر زور دیتے ہیں۔ قوانین فطرت پر عبور حاصل کر لیا۔ سائنس اور تحقیق کے ذریعے کہ وہ چاند تک پہنچ گئے اور زندگی کے بیشتر اداروں کے متعلق ان کی ایجادات نے انسان کے مختلف شعبوں میں ترقی کی راہیں تیز سے تیز تر کر دیں۔

ہمارے یہاں خلافت اور افراد کو چنے اور صلاحیت اور قابلیت کے متعلق ذمہ داریاں سوچنے پر عمل ہوتا رہا۔ اب نہ کوئی سنٹر ہے اور نہ جماعت ان احکام کو سمجھ کر نافذ کئے بغیر سنٹر اور جماعت کا تصور ہی نہیں کیا جا سکتا۔ گو کہ مسلمانوں کی آبادی ایک ارب 25 کروڑ سے زائد ہے۔ 56 یو این او کے ممبران ہیں۔ مسلمانوں کا ایک نام کا ادارہ بھی ہے او آئی سی جس میں میٹنگ بھی ہوتی ہے۔ قراردادیں بھی پاس ہوتی ہیں۔ نتیجہ صفر ہمارے یہاں بادشاہ بھی ہیں' ڈکٹیٹر بھی' کتنے ممالک میں انتخاب ہوتے ہیں کہ منتخب افراد ذمہ داریاں سنبھالیں نہ کہ عوام کی تعلیم کی اہمیت ہے نہ تربیت کی نہ تنظیم کی نہ ذمہ داریوں کی نہ جواب دہ ہونا قانون مکافات عمل پر ایمان نہ زندگی کے اگلے دور کا خوف بداعمال کے بدلے پکڑے جانے پر ایمان یہ حقیقت ہے کہ ترقی یافتہ ممالک کو چونکہ وحی خداوندی پر ایمان نہیں اس دنیا کی زندگی کو سب کچھ سمجھتے ہیں لیکن اپنے تحقیق اور تجربے سے انسان کی فلاح بہبود اور ترقی کے لئے لگے ہوئے ہیں ترقی کر رہے ہیں۔ انسانی مشکلات کو حل کرنے کے لئے پہلے لیگ آف نیشن بنی اور اب یونائیٹڈ نیشن موجود ہے۔ کیا

دونوں انسانوں کے معاملات طے کر لینے اور لڑائی تباہی روکنے میں کامیاب رہی ہیں۔نہیں لیکن انہوں نے اپنی طرف سے کوشش تو کی جب تک عقل انسان وحی کے احکام کے زیراثر نہیں کبھی کامیاب نہیں ہوگا۔

ظاہران کی معیشت ترقی کر رہی ہیں لیکن سود کی لعنت نے اس کو اتنا جکڑ لیا ہے کہ وہ اس سے نجات حاصل کرنے کی کوشس کر رہے ہیں۔گو کہ قرآن نے سود کے نظام کو منع کیا ہے لیکن کیا مسلم مما لک اس پر عمل کر رہے ہیں۔ شکر ہے کہ اس طرف کچھ دھیان دیا جا رہا ہے۔

ہمارے معاشی حالات جس کا اندازہ ملک کی G.D.P سے ہوتا ہے۔تمام مسلم ملکوں کو ملا کر بھی بہت کم ہے جب آپ کی معاشی حالت یہ ہے تو اپنے اپنے طور پر دفاع کے انتظام میں اپنی حفاظت کے لئے کتنے فی صد خرچ کر سکے ہیں۔حکم یہ ہے کہ اپنے دفاع کو مضبوط کرو تحقیق اور ایمانداری کے ساتھ حکم یہ ہے کہ اپنے دفاع کو مضبوط کرو تحقیق کے ذریعے اور ایمانداری سے کام کرنا ہے کہ آپ کی معاشی حالت بہتر ہو اور آپ اپنے طور پر خود کی حفاظت کیا نتظام کرنے کے قابل ہو جائیں۔تعلیم تربیت ایمانداری اور لگن کے ساتھ جوابدہ ہونے کے خوف کے ساتھ جب تک مسلمانوں نے قران کو سمجھ کر عمل کرنا شروع کیا۔ وہ ترقی کرنے لگے اور اپنی اعلیٰ صفات کی روشنی سے دوسروں قوموں کو متاثر کرتے تھے ہم اسلامی احکام کی روح کو سمجھے بغیر ان کے ظواہر (علامتوں) کے کرنے کو سب کچھ سمجھتے ہیں۔ وہ نماز ہو روزہ ہو زکوۃ ہو یا حج ہو۔ ہر رکن عبادت آپ کو کچھ عمل کرنے کی تعلیم دیتا ہے۔صرف الفاظ دہرانے نہیں کیا ہم عبادت سے ذمہ داریاں اور جوابدہ ہونا سیکھتے ہیں۔اگر یہ ہم نہیں کرتے تو اپنی حالت کے ذمہ دار بھی خود ہے۔

آپ نے دیکھا کہ اسلامی احکام نظام عدل و مساوات کے قیام اور استحکام کے لئے کسی قدر جدوجہد کی ضرورت ہے۔اس کے لئے ضروری ہے کہ وقتاً فوقتاً ہمارے اجتماعات ہوتے رہیں جن میں باہمی مشوروں سے اس عظیم پروگرام کے طریقے سوچے جائیں انہیں احکام کا نام حج اور عمرہ ہے۔ یہ نظام جس کی حسین خوشگوار نتائج کا ذکر کیا گیا ہے۔اس کا مرکز کعبہ ہے کہ واجب الاحترام مقام ہے جو تمام انسانوں کے لئے احکام خداوندی کا سرچشمہ قرار پائے گا۔اس مرکز کی تاسیس ابراہیمؑ کے ہاتھوں عمل میں آئی تھی تاکہ انسانوں کی حکومت صرف اللہ کی رہ جائے۔

ہم نے ابراہیمؑ سے کہا تم لوگوں میں اعلان کر دو کہ وہ اپنے معاملات میں آخری دلیل وحجت (فیصلہ) کے لئے یہاں آئیں یہاں اسی لئے آئیں کہ اپنی آنکھوں سے دیکھ لیں کہ یہ نظام نوع انسان کی منفعت کے لئے کیا کچھ کر رہا ہے۔کھائیں پیئیں اور باہمی مشاورت سے وہ تدبیر بھی سوچیں جن سے ان کی زندگی کی تمام کثافتیں دور ہو جائیں اور وہ ان ذمہ داریوں سے عہدہ براء ہوسکیں۔جنہیں انہوں نے نوع انسان کی فلاح و بہبود کے سلسلہ میں اپنے اوپر عائد کر رکھا ہے۔ یہ تمام نوع انسانی کو سامان نشوونما بہم پہنچائیں گے۔ ان احکام کو نافذ کریں جنہیں قانون خداوندی جائز

اور صحیح تسلیم کرے اور ان تمام ایسے کاموں سے روکیں جنہیں وہ جائز قرار نہیں دیتا ہے۔ اس طرح وہ بحث تمیز اور باہمی مشاورت کے بعد اپنی نظر ہر معاملے کا فیصلہ قانون خداوندی کے مطابق اور ہر شعبہ زندگی کا خیال رکھتے ہوئے خطبہ حج 9 بتاریخ ذی الحج کا اعلان کریں 10 تاریخ کو باقی مسلمان اور دیگر افراد اس سے واقف ہو جائیں۔

سال بھر ہم اپنے مقاصد حاصل کرنے کے لئے کام کریں مختلف شعبہ زندگی میں دوسرے سال ذی الحج کی ابتداء میں دوبارہ اکٹھے ہو جائیں۔ ماہرین، سائنس دان، عالم مختلف شعبہ ہائے زندگی کے تاکہ اس بات کا جائزہ لیں کہ اس شعبہ زندگی میں کس حد تک کامیاب ہوئے۔ جن میں وہ کامیاب نہ ہوئے ہوں ان کی وجوہات دریافت کی جائے اور نئے مشاغل یا کچھ برائے جو کامیاب نہ ہوا ان کو سامنے رکھ کر ہر حصہ زندگی کے لئے مسلمان عالم کے بالخصوص اور عالم انسانی کے لئے بعلموم پھر سے نئے سال کا نعب العین متعین کریں اور بحث وتمحص کے بعد ایک رائے قنام کریں اور 9 تاریخ خطبہ الحج میں اعلان کریں تاکہ وہ دوسری ہجری میں اس پر عمل ہوتا جائے۔ آپ سن کر حیران ہوں گے کہ یہ قوانین ترقی یافتہ لوگوں میں زیادہ لوگ اسپر عمل کرتے ہیں۔ لیکن ترقی پذیر مما لک میں جلد ملنے والا عدل وانصاف نہیں روپیہ کی تقسیم غلط، دیگر سوشل خرابیاں رشوت، کام چوری اور دیگر خرابیون سے اکثر ہنگامے ہوتے رہتے ہیں۔ اللہ تعالیٰ ان خرابیوں کو ایک حد تک برداشت کرتا پھر سزا دیتا ہے جو قوم صحیح راستے سے ہٹ جائے یہ صحیح ہے کہ ترقی یافتہ مما لک نہ ایمان رکھتے ہیں نہ وحی پر عمل کرتے ہیں۔ لیکن اکثر زندگی بھر قانون فطرت کے نہ تبدیل ہونے والے قوانین پر عمل کرتے ہوئے ترقی کر رہے ہیں۔ موجودہ حالات میں مسلمانوں او آئی سی کا ادارہ موجود ہے ہم اسے اتنا مضبوط بنائیں کہ یہ سیکٹریریٹ کے فرائض انجام دے سکے اس کے جنرل اجلاس بھی ہونے چاہئے اور مجلس نافذہ کے بھی ان کے سیکٹری جنرل اور ان کے نائب بھی ہوں اور زندگی کے ہر شعبہ زندگی کے لئے مختلف کمیٹیاں بھی مثلاً تعلیم و تربیت جدید سائنس ان کی ترقی اور ٹیکنالوجی کی ترقی اشاعت ہر ذریعہ ابلاغ کے ذریعے ہر ملک میں ہر زبان میں مختلر موثر انداز میں زراعت، جنگلات اور ان کی ترقی منرل (Minrel) ریسورسز سے فائدہ حاصل کرنے کے اصول اور استعمال تجارت وضعت (Mill) اور کارخانے صحت و معاشی ماحول پر ایک نظر قانون عدل وانصاف، قانون نافذ کرنے اور بنائے ملک کے اندر امن وامان اور باہر کے ملکوں کے لئے برابر کی تیاری اسلامی قوانین اور ایک معاشرتی تربیت اور نفاذ آمدنی کے مختلف ذریعوں سے وصول کی ہوئی رقم اس کا ہر شعبہ زندگی میں مناسب خرچ اس طرح کہ کوئی شعبہ باقی نہ رہ جائے۔ خاص طور پر اپنی معاشیات اور خود کے تحفظ کی طاقتوں پر ہر وقت نظر رکھنا ہے۔ سائنس اور عملی تحقیقات میں دوسروں سے کم نہیں رہنا ہے۔

یاد رکھو ان اجتماعات کا اصل مقصد تو قوانین کی نگہداشت کرنا ہے۔ ان اجتماعات میں شریک انہیں کو خاص

طور پر ہونا ہے جو عقل وبصیرت کی رو سے سوچ سکیں انہیں عملاً نافذ کرنے کی صورتیں کیا ہیں اس کی دوبارہ یاددہانی کرا دوں کہ جماعت مومنین کو ایمان کے راستے پر قائم رکھنے کی دو بنیادی باتوں کی ضرورت ہوتی ہے۔ ایک قوانین خداوندی اپنی اصلی شکل میں انسان کے سامنے ہوں۔ دوسرے ان قوانین پر عملی طور پر چلانے کے لئے ایک زندہ اتھارٹی اور سنٹر موجود ہو۔ اللہ کی کتاب موجود ہے زندہ اتھارٹی آپ کو موجودہ زمانے میں پیدا کرنی ہے۔ خارجی کائنات میں اللہ کے قوانین از کود کارفرما ہیں انسانی دنیا میں اسے نافذ کرنے کے لئے انسانوں کی جماعت کی ضرورت ہوتی ہے۔ یہ مقصد ہے جس کے لئے ہم نے جماعت مومنین تمہیں اٹھا کھڑا کیا کہ ایسا نظام قائم کریں جو عالمگیر انسانیت کے لئے نفع رساں ہو۔ انسان کی تقسیم خون رنگ قومیتوں کی بجائے ایمان یا Ideology کی بنا پر ہو۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

علی محمد چدھڑ

اَلْمَسْجِدُ

مادہ۔س ج د

اَلْمَسْجِدُ پیشانی کو کہتے ہیں جو زمین پر رکھی جاتی ہے اور **اَلْمَسْجِد** اس جگہ کو کہتے ہیں۔ جہاں سجدہ کیا جائے۔ یہ اسم ظرف ہے جس کے معنی سجدہ کرنے کی جگہ اور سجدہ کا وقت دونوں ہو سکتے ہیں۔ سورہ کہف میں ہے کہ لوگوں نے ان نوجوانوں کے غار کے مقام پر مسجد بنا دی۔ 18/21۔ یعنی وہ مجاہد تھے لیکن بعد میں لوگوں کی نگاہوں سے یہ تصور اوجھل ہو گیا۔ اور جیسا کہ اکثر ہوتا ہے۔ ان کی یادگار میں ایک خانقاہ یا مقبرہ تعمیر کر دیا گیا۔ جو سجدہ گاہ انام ہو گیا۔

سورہ بنی اسرائیل میں یہودیوں کے ہیکل کو مسجد کہہ کر پکارا گیا ہے 17/7۔ سورہ التوبہ میں ان مساجد کا بھی ذکر ہے جن کی بنیاد تقویٰ پر رکھی جاتی ہے 9/108 اور ان مساجد کا بھی جن کا مقصد مسلمانوں میں تفرقہ پیدا کرنا ہوتا ہے۔ اور جسے قرآن کریم نے کفر سے تعبیر کیا ہے اور مخالفین نظام خداوندی کے لئے پناہ گاہ کہہ کر پکارا گیا ہے 9/107۔ قرآن کریم نے فرقہ بندی کو شرک قرار دیا ہے 30/31 اور واضح طور پر کہہ دیا ہے کہ مشرکین کو اس کا حق حاصل نہیں کہ وہ اللہ کی مساجد کو آباد کریں۔ اس نے اعلان کر دیا کہ 72/18 مساجد صرف اللہ کے لئے ہیں سو اللہ کے ساتھ کسی اور کو نہ پکارو۔ فرقہ بندی شرک اس لئے ہے کہ اس میں خالص اللہ کے قوانین کی اطاعت نہیں ہوتی۔ خالص اللہ کی (قوانین خداوندی) کی اطاعت کرنے سے امت میں اختلاف اور تفرقہ پیدا ہو ہی نہیں سکتا۔ کیونکہ قرآن کریم نے اپنے من جانب اللہ ہونے کی دلیل ہی یہ دی ہے کہ اس میں کوئی اختلافی بات نہیں۔

جس طرح سجدہ سے مراد صرف سر کو زمین پر رکھنا نہیں۔ بلکہ اس کا مفہوم قوانین خداوندی کے سامنے سر جھکا دینا بھی ہے۔ اسی طرح مسجد سے مراد بھی بالخصوص وہ عمارت نہیں جس میں نماز ادا کی جاتی ہے۔ اس سے مراد وہ مقام ہے جو اس نظام کا مرکز ہے۔ جس کی رو سے قوانین

خداوندی کی اطاعت کی یا کرائی جاتی ہے۔

کعبہ کو مسجد الحرام کہا گیا ہے 48/27۔ تو اس جہت سے نہیں کہ وہ ایسی عمارت ہے جس میں سجدہ کیا جاتا ہے بلکہ اسلئے کہ وہ اللہ کے نظام کا مرکز ہے۔ وہ اس امت کا مرکز محسوس ہے جس کی خصوصیت مسلمۃ 2/128 بتائی جاتی ہے۔ یعنی قوانین خداوندی کے سامنے جھکنے والی۔

چونکہ نبی اکرم ﷺ کی مکہ سے مدینہ کی طرف ہجرت کے بعد مدینہ کو حکومت خداوندی کا مرکز قرار پانا تھا۔ لہٰذا قرآن کریم میں شب ہجرت کے تذکرہ کے سلسلہ میں مدینہ کو مسجد اقصیٰ (دور کی مسجد) پکارا گیا ہے۔ **سبحٰن الذی اسریٰ بعبدہ لیلا من المسجدالحرام الی المسجد الاقصا الذی برکنا حولہ لنریہ من ایٰتنا 17/1**۔ وہ ذات نقائص سے پاک ہے۔ جو اپنے بندے کو ایک رات مسجد الحرام (مکہ) سے نکال کر اس دور کی مسجد (مدینہ) کی طرف لے گیا۔ جس کے ماحول کو ہم نے بابرکت بنایا تھا تا کہ ہم اسے اپنے قوانین کی نشانیاں دکھائیں۔

یہ وہی آیات یا نشانیاں تھیں جن کے متعلق حضرت موسیٰ کو فرعون کی طرف جانے کا حکم دیتے وقت کہا گیا تھا۔ **لنریک من ایٰتنا البریٰ 20/23**۔ تا کہ ہم تمہیں بڑی بڑی نشانیاں دکھائیں۔ یہ آیات آویزشِ حضرت موسیٰ اور فرعون میں حضرت موسیٰ کی کامیابی تھی اور یہی وہ آیات خداوندی تھیں جن کا مظہر ہجرت کے بعد مدینہ کو بننا تھا۔ یعنی جماعت مومنین کو باطل پر غلبہ کامرانی۔ اس سے یہ حقیقت بھی ہمارے سامنے آجاتی ہے کہ مسجد کی عمارت صرف نماز پڑھنے کے کام کے لئے مخصوص نہیں۔ اس میں اسلامی مملکت کے مختلف امور سرانجام دیئے جاسکتے ہیں۔

اصل یہ ہے کہ قرآن کریم کی رو سے عبادت اور عام دنیاوی امور میں فرق ہی نہیں کیا جا سکتا۔ عبادت کے معنی اطاعت کے ہیں۔ اور دنیا کا کوئی کام جو قوانین خداوندی کے مطابق کیا جائے عبادت ہو جاتا ہے اور اجتماعات صلوٰۃ بھی چونکہ قوانینِ خداوندی کی اطاعت ہے اس لئے وہ بھی عبادت ہے اور اس عبادت کے لئے کسی ایسے الگ مکان کی ضرورت نہیں جس میں اور کچھ نہ کیا جا سکے۔

قرآن کریم میں مسجد کا استعمال مختلف اغراض و مقاصد اور مختلف معانی میں ملاحظہ ہو۔ چند مثالیں:

<u>مکہ کے مرکز سے مدینہ کے مرکز کی طرف ہجرت کے واقعہ میں ان مراکز کے لئے لفظ مسجد کا استعمال۔</u>

اللہ کی سکیمیں بڑی بلند و برتر ہیں۔ چنانچہ وہ اپنی سکیم کے مطابق اپنے بندے کو ایک رات مکہ کے مرکز محترم سے نکال کر ایک دور کے مرکز (مدینہ) کی طرف لے گیا جس کا ماحول بابرکت اور فضا نظامِ خداوندی کے لئے بڑی سازگار ہے تا کہ اللہ کے قوانین کو آشکارا کر دیا جائے۔ (17:1)

<u>مسجد اطاعتِ خداوندی کے معنوں میں</u>

کہو میرا پروردگار حکم دیتا ہے عدل و توازن کی زندگی بسر کرنے کے لئے۔ تم اپنی تمام توجہات کو قوانین خداوندی پر مرکوز رکھو اور ان کے سامنے اپنا سر تسلیم خم کر دو۔ (17:29)

<u>اور منافرت و تفرقہ بازی کے گڑھ مسجدیں</u>

یہ لوگ مسجد تعمیر کرتے ہیں کہ نظام خداوندی کو نقصان پہنچائیں اور کفر کی راہیں کشادہ کریں اور مومنین کے

درمیان فرقہ بازی پیدا کر دیں۔ اور کمین گاہیں مہیا کر دیں۔ نظام خداوندی کے دشمنوں کے لئے۔ یہ لوگ ہزار تسلیاں دیں کہ ان کا مقصد نیک ہے لیکن اللہ شہادت دیتا ہے کہ یہ لوگ جھوٹے ہیں۔ لہٰذا ہرگز کسی ایسی مسجد میں قدم نہ رکھنا۔ یاد رکھو یہ حکم ہمیشہ ہمیشہ کے لئے ہے۔ (9:107)

<u>جس مسجد کی بنیاد ہی غلط مقاصد پر رکھی گئی ہو</u>

دیکھو جس مقصد کی بنیاد ہی غلط مقاصد پر رکھی گئی ہو وہ لوگوں کے دلوں میں بے یقینی اور اضطراب بڑھاتی رہے گی تاکہ ان کے دل باہمی حسد و بغض سے پارہ پارہ ہو جائیں یہ وہ حقائق ہیں جو اللہ کے علم و حکمت پر مبنی ہیں۔ (9:110)

<u>اور جس مسجد کی بنیاد قوانین خداوندی کی اطاعت پر رکھی گئی ہو</u>

اور جس مسجد کی بنیاد ہی پہلے روز سے قوانین خداوندی کی اطاعت پر رکھی گئی ہو وہ اس بات کی مستحق ہے کہ اس میں قدم رکھا جائے اس میں وہی لوگ آتے ہیں جو فرقہ بندی اور گروہ سازی سے پاک و صاف رہتے ہیں اور اللہ ایسے پاکباز لوگوں کو پسند کرتا ہے۔ (9:108)

<u>دو طرح کی مساجد</u>

پھر کیا وہ بہتر ہے کہ جس نے اپنی عمارت کی بنیاد قوانین خداوندی کی پیروی پر اور منشائے خداوندی سے ہم آہنگی پر رکھی۔ یا وہ بہتر ہے جس نے اپنی عمارت کی بنیاد ایک ایسی کھائی کے کنارے پر رکھی ہو جو اسے لے کر جہنم کی آگ میں جا گرے۔ یاد رکھو زندگی کی کامرانیوں کی راہیں ان قوموں پر نہیں کھلا کرتیں جو چیزوں کو ان کا صحیح مقام نہیں دیتیں۔ (9:109)

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

جمیل احمد عدیل

سرزمینِ آسمان میں چند روز

(زیرِ طبع سفرنامہ حجازِ مقدس سے ایک باب)

جب سے عزمِ سفر باندھا تھا ایک نکتہ سب نے اچھی طرح ذہن نشین کروا دیا تھا کہ کعبۃ اللہ کو پہلی بار دیکھنے کے بعد اور پلک جھپکنے سے پہلے جو دعا مانگی جائے' وہ لازماً قبول ہو جاتی ہے۔ اپنی طلب کو کئی ہفتوں کی ریاضت سے ایک جملے کی صورت متعین کر لیا ہوا تھا۔ اب ''قبلہ بمقابلہ قبلہ'' کا کھیل شروع ہونے والا تھا۔ یکا یک یہ سوچ آئی اس گھڑی جو دیکھنا ہے اس کو میرے مطالبے نے معاذ اللہ کم تر کر دیا ہے۔ کیا جسے دیکھنا ہے وہ مدعا زیادہ اہم ہے یا میری وہ دعا۔ دیکھنا بھی مجھے ہے' دعا بھی میری پوری ہو گی۔ میں ہی اہم ہوا۔ تف ہے مجھ پر کہ یہ سارا سفر اس لیے کیا ہے کہ مجھے ترفع نصیب ہو۔ میری ہی انا کا مکان Renovate ہو۔ تو جو سامنے ہے وہ کیا ہے؟

منزل کا اشتیاق ہے گم کردہ راہ ہوں
اے شمع! میں اسیرِ فریبِ نگاہ ہوں

صاحبو! نفی کا اثبات کرنے کے باوجود اثبات کی نفی میں کامرانی نہ ہو سکی۔ اپنی طلب کو فصاحت و بلاغت کا پیرہن پہنا کر بڑی توجہ سے جو دعائیہ کلمہ تیار کیا ہوا تھا' اسے زبان سے ادا کروانے کے لیے اپنے آپ کو تیار کیا اور نگاہیں اوپر اٹھا دیں۔ مگر نہیں At the First Blush یہاں تو کوئی کعبہ نہ تھا۔ کیا میری مراد کا نہنگ کعبہ کو بھی نگل گیا تھا؟ سوچا نظر یقیناً کسی التباس کا شکار ہوئی ہے جو نظر آ رہا ہے یہی کعبہ ہو گا۔ تحیر اور طلب کے ساتھ وابستگی نے پلک کو جھپکنے ہی نہیں دیا' مگر یہ حیرانی زیادہ سے زیادہ تین چار سیکنڈز پر محیط تھی۔ ہوا یہ تھا کہ رخ ذرا سا زیادہ دائیں جانب ہونے کی وجہ سے نگاہیں جب اٹھائیں تو ان کے سامنے باب صفا تھا۔ پھر جو ذرا بائیں طرف نظر گھمائی تو سامنے اللہ کا گھر موجود تھا۔ یہ چالاکی کر کے پلک جھپکے بنا دعا مانگ لی' اپنا کام تو نکلواؤ' جو سامنے ہے' یہ کہیں نہیں جاتا' یہ بھی یہیں ہے ہم بھی یہیں ہیں' جی بھر کے دیکھ لیں گے' دیکھتے رہیں گے۔

گر تجھ کو ہے یقین اجابت دعا نہ مانگ:

دھت تیرے کی' منفعت پرست بیوپاری۔ اندر سے کسی نے زناٹے دار تھپڑ رسید کیا...... بارگیننگ ...... بارگیننگ ...... ساری عمر اسی پلس مائنس میں گزار دی۔ اب اللہ کے بنک میں بھی ڈیبٹ کریڈٹ کو حاضر ناظر یقین کیے ہوئے ہو......

پھر سوچا شاید یہاں مخصوص دعا کو مرکوز کروانے کے عقب میں یہی حکمت کارفرما ہو کہ بندے کی طلب کا امتحان لیا جائے' اسے کیا چاہیئے؟ کیا وہ چاہنے سے دو گھڑیوں کے لیے بے نیاز ہونے میں کامیاب ہوتا بھی ہے یا نہیں؟ کیا یہ صرف دلِ بے مدعا کی مانگ تک خود کو محدود کر سکتا ہے؟ اوپر والا بھی بڑی شے ہے' آزمائش اس کا مشغلہ ہے' دلپسند' محبوب مشغلہ۔

دعا۔ ایک مشکل تر مسئلہ: دعا کی بات چل نکلی ہے تو کھلے دل سے اعتراف ہے کہ ہم ''دعا'' کے دل و جان سے قائل ہیں اور اس مناسبت سے دو ایک باتیں عرض کرنے کی اجازت چاہیں گے۔ دعا بے شک روایتی عبادت کا سب سے دلکش اور کومل زاویہ ہے۔ اصولاً حسن و خوبصورتی کو تجزیے کے سپرد کرنا بدذوقی ہے کہ تجزیہ اپنی فطرت میں ایک بے رحم سروہی ہے۔ بہرطور بصد معذرت اتنا کہنا ہے کہ عام انسان اپنی ضرورتوں کا قیدی ہے' اپنی آرزوؤں کا اسیر ہے۔ یہی مقتضیات' یہی تمنائیں اسے دعاؤں پر مجبور کرتی ہیں' جس کام کو وہ کسی کی مدد کے بغیر کر سکتا ہو اس کے لیے وہ دعا کا سہارا نہیں پکڑتا' لیکن دنیا میں کون سا ایسا انسان ہوا ہے جو ہر کام کرنے پر قادر ہو لہٰذا کہیں نہ کہیں ہر کسی کو دعاؤں کے آسرے کو تھامنا ہی پڑا ہے۔ یہی اس کی ''تقدیر'' ہے' تو کیا ایک انسان کو اپنی صلاحیتوں اور استعدادوں میں اضافہ کرنا چاہیئے یا زیادہ سے زیادہ دعاؤں پر بھروسہ؟ مذہب کی روایت دوسرے حصے کی مؤید ہے جبکہ دین کی روح پہلے جزو کی بھرپور تائید کرتی ہے کیونکہ مذہب میں عبادت بندے کو اللہ سے جوڑنے کی دعویدار ہے اور یہ ''تعلق باللہ'' خالص نجی اور ذاتی نوعیت کا ہوتا ہے جس میں کسی رہنما اصول کا اور چھور نہیں ملتا جبکہ دین میں عبادت کا مفہوم قوانین خداوندی کی پیروی ہے جو واضح اور متعین اصولوں کے سنگ میل اپنے بطون میں مزین کیے ہوئے ہوتا ہے۔

تقدیر کے مروج مذہبی تصور کے پیروکار کی خواہشیں بے لگام ہوتی ہیں جبکہ اس کے ارادے زنجیروں سے بندھے ہوتے ہیں' دوسری طرف دین کے متبع کی آرزوئیں اور ارادے دونوں بیک وقت آزاد ہوتے ہیں۔ مراد یہ کہ اب تک وہ مرکز گریز قوت وجود میں نہیں آسکی جو مومن کی آرزو کو قانون خداوندی کے مدار سے نکال باہر پھینکے۔ لہٰذا یہ عمل شعور کی کامل بیداری کے ساتھ وجود پذیر ہوتا ہے کہ اس کی آرزوؤں کی عنان ہر لحظہ اس کے ارادے کے ہاتھ میں رہتی ہے۔ جب اس کی آرزو قانون خداوندی سے باہر ہی نہیں نکلے گی تو اسکے قبول نہ ہونے کا سوال ہی پیدا نہیں ہوتا اور قانون خداوندی کیا ہے؟ یہی ہے کہ اپنی جائز آرزو کی تکمیل کے لیے اٹھو اور حدود شریعت کے اندر رہتے ہوئے سعی و کوشش کرو نتیجہ لازماً مطلوبہ ہی سامنے آئے گا۔ یہ Pragmatic Test کا طریق کار ہے جیسے چاہو' جب چاہو جہاں چاہو آزما کر دیکھ لو' عمل بھی متعین ہیں نتائج بھی متعین۔ یہی ''تقدیر'' ہے۔ وگرنہ دعا کرنے کا مطلب یہ ہوگا کہ بندہ جب اللہ سے مانگتا ہے' اللہ اپنا ارادہ بدل دیتا ہے۔ یعنی اگر اس نے دینا پہلے سے طے کیا ہوا تھا تو دعا

مسترد ہونے کا مطلب ہے اسنے اپنا ارادہ بدل دیا۔ گویا اب نہیں دے گا۔ اگر یہ طے تھا کہ نہیں دینا اب بندے نے دعا کی شکل میں درخواست دائر کردی اور دعا قبول ہوگئی تو اس کا مطلب واضح ہے کہ ارادۂ خداوندی تبدیل ہوگیا۔

مگر صاحبو! مشکل سوال یہ ہے کہ آخر بندے کے پاس وہ کون سا پیمانہ ہے جس کی مدد سے وہ معلوم کرسکتا ہے کہ اللہ نے اپنا ارادہ بدل لیا ہے؟ اسے مثال سے واضح کرتے ہیں' ایک شخص بیمار ہوگیا' حتیٰ کہ مرنے کے نزدیک پہنچ گیا اب اس نے خود اور کسی مستجاب الدعوات' نے خوب تضرع کے ساتھ اس کے حق میں دعائیں کی' یوں وہ مریض صحت یاب ہوگیا۔ اب یہی کہا جائے گا کہ دعائیں قبول ہو گئیں اور وہ قریب الموت شفایاب ہوگیا۔ یعنی اگر اسکے لیے کی گئی دعائیں قبول نہ ہوتیں تو وہ یقیناً مرجاتا۔ مراد یہ کہ دعا نے تقدیر بدل دی۔ لیکن یہ کون ثابت کرے گا کہ اس کی تقدیر میں مرجانا لکھا تھا؟ اس کا بچ جانا ہی بین ثبوت ہے کہ اس نے نہیں مرنا تھا' کیونکہ تقدیر تو ٹل نہیں سکتی۔ تقدیر کا تو مبینہ مفہوم ہی یہ ہے کہ خدا نے جو طے کرلیا وہی ہونا ہے چاہے کچھ ہو جائے۔ اب آگے بڑھتے ہیں اس سے متصل دوسرے سوال کی جانب' کیا خدا نے سب کچھ طے کر دیا ہوا ہے؟ اگر مشیت ایزدی میں سب کچھ پہلے سے طے ہے تو مطلب واضح ہے کہ انسان بھی باقی مظاہر فطرت کی طرح مجبور محض ہے' پھر اس کی کوششیں بھی طے ہیں اور ان کے مثبت منفی نتائج بھی طے ہیں' لہٰذا اس پر پھر سزا و جزا کے قانون کا اطلاق قطعی بے معنی ہے۔ ہاں انسان اگر صاحب اختیار ہے اس کے سامنے کھلے امکانات کا جہان آباد ہے پھر ہی وہ جزا کا حقدار اور سزا کا مستحق قرار دیا جا سکتا ہے۔ مکافات عمل' عذاب' مرنے کے بعد جی اٹھنا' قیامت' میزان' جنت' دوزخ...... ان سب کا تبھی جواز پیدا ہوگا وگرنہ اللہ کی مرضی سے گناہ کیا' اس نے جہنم میں پھینک دیا اس سے کیا خدا کا عادل ہونا ہی مشکوک نہیں ہوجائے گا؟

البتہ ایک درمیانی موقف یہ اپنایا گیا ہے کہ خدا نے بندے کو خیر وشر کے انتخاب کی آزادی تو مکمل دی ہوئی ہے لیکن چونکہ وہ علیم مطلق ہے لہٰذا وہ جانتا ہے بندہ کیا کرے گا اور کیا نہیں کرے گا۔ دوستو! یہ اور بھی ٹیڑھا سوال ہے کیونکہ خدا اگر پہلے سے 'قبل از ازل' سب کچھ جانتا ہے تو پھر اس کے علم کی نفی تو ہو نہیں سکتی یعنی جو وہ جانتا ہے عین مین وہی ہوگا' اس طرح بھی بندہ بے چارہ مجبور محض ہی ثابت ہوتا ہے۔ مثلاً ایک شخص کے متعلق خدا جانتا ہے کہ وہ دو سال بعد ایک قتل کرے گا۔ اب بھلے وہ Freedom of Choice کے پیدائشی حق سے استفادہ کرتے ہوئے قتل عمد کا خود مرتکب ہوا لیکن خدا چونکہ جانتا تھا یہ قتل کرے گا اس لیے یہ ہو نہیں سکتا تھا کہ وہ قتل نہ کرتا لہٰذا علم خداوندی نے بندے کے افعال و اعمال کو متعین و مقید کر ڈالا: ظاہر ہے ایسے موقع پر دعا بھی بے اثر ثابت ہوتی' یعنی وہ قاتل قبل از قتل یہ دعا کرتا' اے اللہ! مجھ سے کوئی گناہ کبیرہ سرزد نہ ہو۔ مگر خدا چونکہ جانتا تھا کہ اس نے فلاں وقت میں قتل ایسا گناہِ کبیرہ کرنا ہے لہٰذا اس کی دعا منظور ہونے کا سوال ہی پیدا نہیں ہوتا تھا۔

پیارے قارئین! آپ کو اس نازک مقام پر تھوڑی دیر کے لیے اور ٹھہرنا ہوگا' کیا اس بندے کا دعا کرنا اس کی اپنی مرضی سے تھا؟ خدا تو چونکہ علیم مطلق ہے لہٰذا وہ یہ بھی جانتا ہوگا اس بندے نے دعا کرنی ہے اور میں نے اسے منظور نہیں کرنا گویا خود ہی دعا کروائی' خود ہی نامنظور کر دی' پھر خود ہی قتل کروا دیا' خود ہی سزا کے دوزخ میں پھنکوا دیا۔ یارو! خدا کے لیے خدا پر کچھ تو رحم کریں' ایسا بے انصاف تو کوئی گیا گزرا بشر بھی نہیں ہوسکتا' وہ تو پھر خدا ہے اس کائنات کا خالق ہے۔ مالک ہے۔

ایک مثال اور پیش خدمت ہے۔ حضورﷺ نے اللہ کے حضور دعا کی' عمرو بن ہشام اور عمر بن خطاب میں سے کسی ایک کو ایمان عطا فرما دے تاکہ اسلام کو مضبوطی ملے۔ اب عام عقیدے کے مطابق تو اللہ چونکہ قادر مطلق بھی ہے اور علیم مطلق بھی لہٰذا وہی ہوگا جو وہ چاہے گا سو اس روایتی پس منظر میں تو اللہ معاف فرمائے' اللہ کی چاہت یوں سامنے آتی ہے کہ اس نے دونوں اصحاب کو پہلے خود ہی گمراہ رکھا' اسلام اور حضرت محمدﷺ کی مخالفت میں انہیں ترقی دے کر شدید ترین معاندین بنا دیا' پھر خود ہی حضورﷺ سے کسی ایک کو مومن بنانے کی دعا کروائی (ویسے اللہ یہ دعا دونوں بلکہ کل کفار کے حق میں کروا کر اور پھر اس دعا کو قبول فرما کر سارے مسائل کو ایک آن میں حل کرسکتا تھا۔ کبھی غور کیجئے گا اس نے ایسا کیوں نہیں کیا؟) پھر چونکہ وہ جانتا تھا نیز اس کی مرضی بھی یہی تھی کہ عمرو بن ہشام گمراہ رہے اور عمر بن خطاب ہدایت یافتہ۔ سو ایسا ہی ہوا۔ ایسا ہی ہونا تھا کہ ظاہر ہے سب کچھ اس کے علم کے مطابق ہی وقوع میں آئے گا۔

مگر ہم یہاں بڑے ادب سے پوچھتے ہیں عمرو بن ہشام کا کیا قصور تھا کہ وہ ابوالحکم ہوتے ہوئے رہتی دنیا میں ابوجہل کے نہایت برے نام سے یاد رکھا جائے گا اور آخرت میں جہنم کا ایندھن بنے گا اور عمر بن خطاب کا کیا کمال ہوا کہ وہ سدا شاہکار رسالت کے باعزت نام سے پکارے جائیں گے اور آخرت میں اعلیٰ جنت کے حقدار قرار دیئے جائیں گے؟ اگر ابوجہل نے خود اپنی مرضی سے جہالت کا باپ بننے کی ذلت قبول کی تھی اور سیدنا حضرت عمر فاروقؓ نے اپنے اختیار سے ایمان کی دلکش نعمت کو اپنے سینے سے لگایا تھا پھر تو بات سمجھ میں آتی ہے وگرنہ تو خاکم بدہن نرا گھپلا ہے۔

اور واقعہ تو بس اتنا ہے کہ مذکورہ دونوں شخصیات غیر معمولی صلاحیتوں کی بہرحال مالک تھیں' حضورﷺ کی تمنا کا محور اسلام کی ترقی تھا' سو وہ دل سے چاہتے تھے کہ مخالفین میں جو اعلیٰ استعدادوں کے لوگ ہیں وہ بھی تحریک اسلامی میں شامل ہوں تاکہ یہ پودا جلد نشوونما پائے' ابوجہل کا (خود ساختہ) خبط عظمت قبول ایمان کی راہ میں ایسا صحرا ثابت ہوا جسے وہ عبور نہ کرسکا اور مرتے دم تک اپنے جہل وغرور وتمرد پر اپنی مرضی سے قائم رہا۔ جبکہ حضرت عمر فاروقؓ نے خوب غور وتدبر اور بصیرت سے کام لیا اور اس مرد حر نے مکمل آزادی کے ساتھ یہ فیصلہ کیا کہ انہیں اس جماعت میں شامل ہو جانا چاہئے کہ یہی قوانین خداوندی کا حقیقی اتباع کرنے والی ہے' سو اطاعت وانقیاد سے کام لیتے ہوئے وہ فرزانہ

دیوانہ وار آگے بڑھا اور اپنا ہاتھ حضورﷺ کے ہاتھ میں دے دیا۔ نہ اللہ نے ان میں سے کسی پر جبر کیا' نہ حضورﷺ نے انہیں مجبور کیا۔ سب اپنی مرضی سے ہوا' کامل آزادی سے ہوا۔اس لیے تو دونوں کے مقامات الگ الگ ہیں۔

جی! اب اس مرحلے میں ضروری ہو جاتا ہے کہ 'علم خداوندی' کا کسی اور طرح سے تعین کیا جائے۔ پیچیدگی یہاں سے پیدا ہوتی ہے کہ ہم خدا کو انسان پر قیاس کرتے ہیں' یہ ہماری کوتاہ فہمی ہے کہ ہم خیال کرتے ہیں جس طرح انسان عالم ہے اسی طرح خدا عالم ہے۔ درآں حالیکہ اس کا جاننا بھی انسان کے جاننے سے مختلف ہوگا جس طرح خود خدا انسان سے قطعی مختلف 'چیز' ہے۔انسان خدا کی 'نوع' سے تو بہرنوع نہیں۔ ہمارا گمان ہے خدا کا جاننا اس طرح کا ہوسکتا ہے کہ اس نے اشیاء میں خواص رکھ دیئے ہیں۔ مثلاً لوہے میں یہ خاصیت رکھ دی کہ وہ پانی میں ڈوب جائے گا' تو عالم امر میں اللہ کی طرف سے اس خاصیت کا اس طرح رکھ دیا جانا' لوہے کی 'تقدیر' ہے۔ یہی علم خداوندی ہے۔ جو دوسرے کا حق سلب کرے گا اس کی ذات کا کچھ حصہ لازماً بیمار ہوگا' یہ تقدیر مبرم ہے' ایسا ہی ہوگا کہ یہ امر ربی ہے۔اس کے برعکس ہونہیں سکتا' خالص اس کی اپنی مرضی سے ضابطے کی اس طرز پر تشکیل' ہماری دانست میں یہی خدا کی تقدیر ہے' یہی اس کا علم ہے۔

بقول ایک مفکر قرآن:

''خدا تمہارے اعمال کو دیکھتا ہے' سے یہ مراد ہے کہ انسان کا کوئی عمل خدا کے قانونِ مکافات کی زد سے باہر نہیں رہ سکتا۔ انسان کا ہر عمل اس کے دائرے کے اندر ہوتا ہے۔**ان اللہ بما یعملون محیط** (3:119) اسی لیے انسان کا کوئی کام بھی نتیجہ مرتب کئے بغیر نہیں رہ سکتا۔ ہر ایک کو اپنے اعمال کا نتیجہ خود بھگتنا پڑتا ہے کیونکہ وہ اپنے اعمال کا ذمہ دار ہے۔''

اللہ سے کچھ بھی مخفی نہیں ہے کا پھر مفہوم یہ ہوا کہ اس کا قانونِ مکافات کسی آن بےحرکت اور معطل نہیں ہوتا' اسکا کام برابر نتائج مرتب کرتے چلے جانا ہے اور وہ یہ کام بغیر کسی وقفے کے کرتا چلا جاتا ہے۔متواتر۔مسلسل۔پیہم۔

جس کسی نے برقی رو کا نظام متعارف کروایا یہ اس کے علم میں تھا کہ جو بھی بجلی کی ننگی تاروں کو چھوئے گا لازماً نقصان اٹھائے گا اور اس نے اور بعدازاں اس کے متبعین نے ہر کہ ومہ کو متنبہ کر دیا' دیکھو ایسی غفلت کبھی نہ کرنا۔اب جب تک یہ غفلت دنیا میں ہوتی رہے گی اس موجد اور اس کے سچے پیروکاروں کے علم کی تائید ہوتی چلی جائے گی۔اب رہا یہ نکتہ کہ جس جس شخص کو جب جب کرنٹ پڑے گا اس کی تفصیل اس موجد کے علم میں ہونی چاہئے تو یہ اضافی ذمہ داری اس کے سر تھوپنے سے کیا حاصل ہوگا؟ کچھ بھی تو نہیں کیونکہ اس نے ایک نعمت دنیا کو دے دی اور ساتھ باخبر کر دیا کہ اس کے صحیح استعمال کے طریق کیا ہیں اور کھول کر بتا دیا کہ غلط استعمال سے تمہیں کس طرح ہلاکت کا سامنا کرنا پڑے گا' لہٰذا ایک لحظہ بھی غافل نہیں ہونا ورنہ ضرور ضرر اٹھاؤ گے۔ اب یہ انسان کی فہم و فراست کا امتحان ہے کہ وہ

خسارے کا انتخاب کرتا ہے یا ایمان اور عمل صالح کے مرکب سے استفادہ کرتے ہوئے خوشگواریوں کا خریدار بنتا ہے؟ متعین نتائج اپنی مخصوص مسافرت کا معین دورانیہ مکمل کر کے خود اس کے سامنے آ جائیں گے۔

ظاہر ہے اس پس منظر میں دعا کو اپنے روایتی مفہوم سے دستبردار ہونا ہوگا۔ تو پھر یہ آخری سوال بھی حل کرنا ہوگا' آخر دعا کا قرآن میں ذکر کیوں ہے؟ اس کا مفہوم کیا ہے؟ تو ایک بار پھر ہم عہد موجود کے عظیم مفکر قرآن سے رجوع ہوتے ہیں وہ لکھتے ہیں:

''بادیہ نشین جب اپنے مویشیوں کا دودھ دوہتے تو تھوڑا سا دودھ تھنوں میں باقی چھوڑ دیتے۔ یہ دودھ اس دودھ کو نیچے اتارنے کا موجب بن جاتا جسے جانور نے اوپر چڑھا لیا ہوتا۔ اس طرح چھوڑے ہوئے دودھ کو وہ الداعیۃ کہتے۔ اسی سے دعا کا مفہوم سمجھ میں آ سکتا ہے یعنی وہ کیفیت جو انسانی جذبات کو ابھارنے اور اس میں حرکت پیدا کرنے کا موجب بنے۔ جس سے اس کی مضمر توانائیاں (چھپایا ہوا دودھ) مشہود ہو کر باہر نکل آئیں' شدتِ آرزو سے۔ جس کا دوسرا نام دعا ہے۔''

اس عاجز کی رائے میں دعا کو اگر آرزو سے موسوم کر دیا جائے تو سارا مسئلہ طرفۃ العین میں حل ہو جائے گا۔ آرزو دراصل ہماری مراد کی تعیین کا دوسرا نام ہے۔ جب ہم سچی دعا کر رہے ہوتے ہیں تو فی الحقیقت اپنی طلب کا بڑے ہی اخلاص سے تعین کر رہے ہوتے ہیں۔ ہماری تمنا جب ہماری ذات میں ترازو ہو جاتی ہے تو وہ ایک طرح سے اس دعا کی قبولیت کے لئے راہ ہموار کر چکی ہوتی ہے۔ گویا دعا تو نیت ہے جس پر عمل کا انحصار ہے۔ اپنی خواہش کو اپنے من میں فوکس کرنے سے ہی عمل کا آغاز ہوتا ہے۔ اگر دعا بھی مشیت ایزدی سے ہم آہنگ ہو اور حصولِ طلب کے لئے طالب کی منہاج بھی قوانین خداوندی کے مطابق ہو تو پھر یہ اتصال ایسی نفسیاتی توانائی فراہم کرے گا کہ گوہر مراد خود چل کر سامنے آ جائے گا۔ آ کر رہے گا ؎

اے جذبۂ دل گر میں چاہوں ہر چیز مقابل آ جائے
منزل کے لئے دوگام چلوں اور سامنے منزل آ جائے

قرآن مجید نے بھی دعاؤں کی قبولیت کو اعمالِ حسنہ کے ساتھ مشروط قرار دیا ہے جو ہاتھ پہ ہاتھ دھرے منتظر فردا ہوں ان کے 'نصیبے' کا کشکول سدا خالی ہی رہتا ہے۔ یہ آیت پڑھیے اور غور کیجئے سوہنے اللہ نے کس درجہ شفاف الفاظ میں مسئلے کو حل کر دیا ہے۔

''خدا نے ان کی دعاؤں کا یہ جواب دیا کہ ہم نے تمہاری دعاؤں کو سن لیا ہے لیکن تم یاد رکھو ہم کسی کام کرنے والے کی محنت کو ضائع نہیں کرتے۔ وہ مرد ہو یا عورت۔ ہر ایک کو اس کے عمل کا پورا بدلہ دیتے ہیں۔'' (3:194)

شاہکار رسالت حضرت عمر فاروقؓ نے دیکھئے کس طرح مشکل پتھر کو پانی کر دیا ہے۔

''لوگو! سن رکھو! مجھے خلافت کا فریضہ اس لئے سونپا

گیا ہے کہ میں تمہاری دعاؤں کو خدا تک پہنچنے سے روک دوں۔''

لیکن صد افسوس کہ ہمارا مذہبی پیشوا اس قولِ عمرؓ کو اپنے خطبے میں دہرانا بھی گوارا نہیں کرتا۔ کیوں کرے گا کہ اس سے مخصوص مذہبیت کی ساری عمارت اسے آنِ واحد میں زمیں بوس ہوتی نظر آتی ہے۔

باقی یہ ہو نہیں سکتا کہ ایسی دعا کی جائے جو قوانین خداوندی سے مطابقت نہ رکھتی ہو اور اللہ اسے قبول کر لے مثلاً کسی شخص کی ٹانگ کٹ جائے اور اس کا مرشد مدت العمر یخ بستہ پانی میں کھڑا ہو کر دعائیں کرتا رہے کہ اس مرید کی نئی ٹانگ اُگ آئے تو ایسا بہر حال نہیں ہوگا' کبھی نہیں ہوگا۔ اقبال بھی دانائے راز تھا' دیکھئے کیسی پتے کی بات کہی ہے۔

تری دعا سے قضا تو بدل نہیں سکتی
مگر ہے اس سے یہ ممکن کہ تُو بدل جائے
تری دعا ہے کہ ہو تیری آرزو پوری
مری دعا ہے تری آرزو بدل جائے

اگر کوئی یہ کہے کہ ایک شخص اللہ کے حضور گڑگڑا کر دعا کرے ''اے اللہ! تو مجھے ایک عدد کامیاب ڈاکہ مارنے کی توفیق عطا فرما۔'' اور پھر وہ ایک نہایت کامیاب ڈاکہ ڈالنے میں کامیاب ہو جائے تو کیا اس کی دعا قبول نہیں ہوئی حالانکہ وہ قانونِ خداوندی کے سراسر خلاف تھی؟ تو اس کا جواب سوال میں ہی موجود ہے کہ ہم جو کرتے ہیں بھلا یا برا' اس کے ذمہ دار ہم خود ہیں' محمود یا مذموم نتائج اعمال میں چھپے ہوتے ہیں نہ کہ اللہ کی بے قاعدہ رضا میں۔ بقول قاضی حبیب الرحمٰن۔

خود اپنے ہاتھ سے لکھتا ہوں نامۂ اعمال
سو' دستِ غیب کا کچھ اس میں شائبہ بھی نہیں

جی چاہ رہا ہے زندگی کا کافی حد تک حقیقی شعور رکھنے والی ایک باعمل قوم کے طرزِ احساس کا یہاں حوالہ دیا جائے شاید کوتاہیٔ ذوقِ عمل کے باب میں اس جانکاری کا اہتمام ہو سکے کہ جہاں بازو سمٹتے ہیں آخر صیاد وہیں کیوں ہوتا ہے؟

جسٹس (ر) ڈاکٹر جاوید اقبال اپنی خود نوشت سوانح عمری میں لکھتے ہیں۔

''سات آٹھ سال کی (ایک چینی) بچی دیوارِ چین دیکھنے کے موقع پر ہمارے ہمراہ گئی...... راستے میں میرے ساتھ باتیں کرتے ہوئے اس نے پوچھا: ''کیا آپ کے ہاتھوں میں ستارے ہیں؟' میں نے اس کے سامنے اپنے دونوں ہاتھ کھول دیئے۔ کہنے لگی: ''آپ کے ہاتھوں میں ستارے نہیں کیونکہ آپ مزدوری کے لئے اپنے ہاتھ استعمال نہیں کرتے۔ پھر اس نے اپنے ہاتھ کھول کر مجھے دکھائے جن میں مشقت کے سبب گٹھے پڑے ہوئے تھے۔ میں نے پوچھا۔ ''یہ ستارے آپ کے ہاتھوں میں کیسے آ گئے؟'' اس نے جواب دیا۔ ''میں اپنے اسکول میں پڑھائی کے بعد روز تین گھنٹے زمین کی گوڈی کرتی ہوں' اس میں ہل ڈالتی ہوں' سبزیاں اگاتی ہوں انہیں پانی دیتی ہوں۔ میرے ہاتھوں

میں ستارے اسی مزدوری کا انعام ہیں۔'' پھر میں نے پوچھا۔''اگر بارش نہ ہو تو کیا آپ دعا مانگتی ہیں؟'' کہنے لگی۔ دعا مانگنا تو بھیک مانگنا ہے۔ ہم لوگ کسی سے کچھ نہیں مانگتے بلکہ اپنے بازوؤں کے زور سے خود زمین کھود کر پانی نکال لیتے ہیں۔''

لگتے ہاتھ میخائل نعیمی کی ''کتاب میرداد'' سے یہ چند سطریں بھی پڑھ لیں' شاید اور روشنی ہو جائے۔

''کیا چابی قفل کے استعمال کا جواز نہیں ہوتی؟ کیا قفل چابی کے استعمال کا حق نہیں دیتا؟ کیا چابی اور قفل دونوں دروازے کے استعمال کے لئے جواز نہیں ہوتے؟ جب بھی تم چابی گنوا بیٹھو یا کسی بے ٹھکانے رکھ بیٹھو تو ہر بار لوہار کے پاس جا کر اصرار کرنے کی جلد بازی نہ کرو۔ لوہار اپنا کام کر چکا ہے اس نے وہ کام بخوبی انجام دے دیا ہے۔ اس سے وہی کام بار بار کرنے کی تاکید نہ کرو۔ تم اپنا کام انجام دو۔ لوہار کو پریشان نہ کرو کیونکہ تم سے فارغ ہو کر اسے اور بھی کام کرنا ہیں...... اگر اپنی ربوبیت کا بیج تمہیں دینے کے بعد' تمہارے بجائے' تمہارے رب نے آپ ہی اس بیج کی پرورش کرنی ہوتی تو تم میں کیا صلاحیت ہوتی اور پھر تمہاری زندگی میں تمہارے لائق کام ہی کیا رہ جاتا؟ اگر تمہارے کرنے کے لئے کچھ بھی باقی نہیں رہ جاتا اور کچھ کرنا تھا اور وہ خدا ہی کو تمہاری خاطر کرنا تھا تو تمہاری زندگی کا مقصد ہی کیا ہوتا؟ تمہاری دعا سے کیا ہاتھ آتا؟ اپنی بے شمار امیدیں اور فکر خدا کے سامنے نہ رکھو جن دروازوں کی چابیاں اس نے تمہارے سپرد کر رکھی ہیں' وہ دروازے کھولنے کے لئے منتیں نہ کرو' بلکہ تم اپنے دلوں کی وسعت میں اس کی جستجو کرو' کیونکہ دل کی وسعت میں ہر وہ اچھی یا بری شے موجود ہے جس کی بھوک اور پیاس تمہیں محسوس ہوتی ہے۔''

اور ہاں دوستو! یہ ظالم ابلیس پہلا شخص تھا جس نے گمراہی کو اللہ سے منسوب کیا تھا جب اللہ نے اس کی فہمائش کی کہ تو نے راہِ معصیت کیوں اپنائی تو وہ بڑی ڈھٹائی سے بولا! میں نے لغزش کب کی ہے تو نے مجھے گمراہ کیا ہے (15:39) یعنی میں اپنی لغزش کا ذمہ دار نہیں۔ میں تو مجبور ہوں' سب کچھ تو ہی کرتا ہے۔ گویا جو خود اپنے کئے کی ذمہ داری قبول کرنے کو تیار نہیں ہوتا وہ مثل عزازیل خود پر اپنے ہاتھوں سے اصلاح کا در بند کر لیتا ہے۔ حالانکہ آیاتِ قرآنی بڑی وضاحت سے ہر فرد کو اس کے اعمال کا ذمہ دار قرار دیتی ہیں۔(1) **نصیب مما کسبوا** (2:201) تمہارا نصیب تمہارے اپنے اعمال سے مرتب ہوتا ہے۔(2) **جزاء بما کانو یکسبون** (9:82) جیسا کرو گے ویسا بھرو گے۔

قارئین محترم! ہے تو یہ ذاتی سی بات لیکن آپ کی اجازت سے عرض کرنا چاہتا ہوں جانے وہ کون سی ساعت تھی جب تقدیر کا مسئلہ اس عاجز کا مسئلہ بن کر رہ گیا۔ اپنی عمر کے کامل بیس برس اس مسئلے کو سمجھنے میں صرف کر دیئے۔ جو

آرٹیکل پڑھا، جس سے بات کی، نتیجہ پیچیدگی کے بڑھنے کی صورت میں ہی سامنے آیا۔ آخر دو دہائیوں کے بعد ایک کتاب ہاتھ لگی وہ واقعی ''کتاب التقدیر'' ثابت ہوئی۔ الحمداللہ کہ اس کی وساطت سے سارا مسئلہ حل ہو گیا۔ میں نے مرقومہ سطور میں اسی معرکہ آراء کتاب کے عظیم معارف کو اپنے الفاظ میں پیش کرنے کی جسارت کی ہے۔ دل چاہتا ہے دعا کے مضمون کا اختتام بھی اپنی اسی محسن کتاب کے دلربا الفاظ میں کروں۔

''دعا کیا ہے؟ سازِ فطرت کے نغمہ ازل سے ہم آہنگ ہونے کی حسین تمنا۔ عروسِ حقیقت کے حسنِ جہاں آرا و جاں نواز کی دلکش رعنائیوں سے یکرنگی کی مچلتی ہوئی آرزو۔ چکور کے سینے میں چاند کو اپنے اندر سمو لینے کی کہکشاں گیر و فلک پیما، والہانہ امنگ۔ قلب پروانہ میں شمع فروزاں کے انداز و اسلوب جذب کر لینے کا وجد انگیز و رقص آفریں جوش و خروش یعنی انسانی خودی کا اپنی متناہیت کو لامتناہیت (حیات جاوداں) میں بدل لینے کا بے تابانہ ولولہ اور اسی ولولہ کی تسکین کے لئے قطرۂ شبنم کی، سورج کی شعاعوں سے بازوئے شاہیں کی طلب۔ بغور دیکھئے تو ایمان، دعا اور عمل تینوں ایک ہی شمع کی کرنیں اور ایک ہی پھول کی پنکھڑیاں ہیں۔ ایمان اس حقیقت کے اعتراف کا نام ہے کہ انسانی سیرت کی بلندی کا راز، نظامِ عالم کے مرکز و خوبی سے ہم آہنگی میں پوشیدہ ہے۔ دعا اس ہم آہنگی و یکرنگی کی شدید تڑپ ہے اور عمل اس تڑپ کا زندہ مظاہرہ اور اس کے حصول کے لئے کوشش پیہم۔''

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

سائنس اور ایمان بالغیب

سب سے پہلے اسے سمجھ لینا چاہئے کہ قرآن کریم کی رو سے ''ایمان'' کسی صداقت کو بلا سوچے سمجھے آنکھیں بند کر کے مان لینے کا نام نہیں۔ اس کے نزدیک' کسی دعوی کو علم وعقل کی رو سے پرکھ کر' قلب و دماغ کے پورے اطمینان کے ساتھ' علیٰ وجہ البصیرت صحیح تسلیم کرنے کو ایمان کہتے ہیں۔ چنانچہ وہ مومنین کی خصوصیت یہ بتاتا ہے کہ۔

الذین اذا ذکروا بایات ربھم لم یخروا علیھا صما و عمیانا۔ (25:73)

''یہ وہ لوگ ہیں کہ جب ان کے سامنے (اور تو اور) آیات خداوندی بھی پیش کی جاتی ہیں تو ان پر بھی اندھے اور بہرے بن کر نہیں گر پڑتے (انہیں عقل وفکر کی رو سے قبول کرتے ہیں)''۔

وہ ارباب علم وعقل اور اہل ایمان کو مرادف المحض قرار دیتا ہے۔ جب کہتا ہے کہ **فاتقوا اللہ یا اولی الالباب الذین امنوا** (65:10)۔ اے ارباب عقل وفکر' یعنی اے ایمان والو! تم خدا کا تقوی اختیار کرو۔ فوق الفطرت حقیقتوں میں' سب سے سرفہرست اللہ کی ہستی ہے۔ اس کے متعلق رسولؐ اللہ سے کہا گیا کہ اعلان کر دو کہ **ادعوا الی اللہ علے بصیرۃ انا ومن اتبعنی** (12:108)۔ میں جو خدا کی طرف دعوت دیتا ہوں تو علیٰ وجہ البصیرت دعوت دیتا ہوں۔ میں بھی ایسا کرتا ہوں اور میرے متبعین بھی ایسا ہی کریں گے۔ اب ظاہر ہے کہ جو دعوت علیٰ وجہ البصیرت دی جائے گی اسے بہر حال عقل وفکر اور دلائل و براہین کی رو ہی سے مانا جائے گا۔

فوق الفطرت (غیر مرئی) حقیقتوں میں دوسرا مقام حیات بعد الممات کا ہے' جسے آخرت سے تعبیر کیا جاتا ہے۔ اس سلسلہ میں قرآن کریم میں ہے کہ **کذالک یبین اللہ لکم الایات لعلکم تتفکرون۔ فی الدنیا والاخرۃ** (2:219)۔ اس طرح خدا تمہارے سامنے واضح ''علامات'' لاتا ہے تاکہ تم دنیا اور آخرت میں غور وفکر کر سکو۔ (محسوس علامات سے غیر مرئی حقیقتوں تک کیسے پہنچا جاتا ہے' اس کے متعلق ہم ذرا آگے

چل کر عرض کریں گے۔ سردست آپ یہ دیکھئے کہ) قرآن کریم نے دنیائے محسوسات کے متعلق ہی نہیں بلکہ اس کے ساتھ ''آخرت'' کے متعلق بھی غور وفکر سے کام لینے کی تاکید کی ہے۔ لہٰذا' قرآن کی رو سے' آخرت پر ایمان بھی اندھی عقیدت کی بنا پر نہیں لایا جاتا' اس صداقت کو غور وفکر کے بعد تسلیم کیا جاتا ہے۔

ان تصریحات سے واضح ہے کہ قرآن کریم کی رو سے ایمان' کسی حقیقت کو بلا سوچے سمجھے' اور بلا دلیل و برہان مان لینے کا نام نہیں۔ یہ' علم و بصیرت کی بناء پر' صداقت پر یقین محکم کا نام ہے۔ ایمان کا ترجمہ (Faith) نہیں' (Conviction) کا لفظ اس کے مفہوم سے زیادہ قریب ہے۔ ہماری بنیادی غلطی یہ ہے کہ ہم قرآنی اصطلاحات کا ترجمہ انگریزی کے ان الفاظ سے کر دیتے ہیں جو عیسائیت کے پیش کردہ تصورات کے لئے وضع کئے گئے تھے۔ اس سے قرآن کا سارا مفہوم بدل جاتا ہے اور تو اور' ہم نے اسلام کو بھی ایک (Religion) قرار دے رکھا ہے۔ حالانکہ اسلام (Religion) نہیں' دین ہے اور دین کے لئے انگریزی زبان میں کوئی لفظ نہیں۔

''ایمان بالغیب'' میں دوسرا لفظ غیب ہے جس کا ترجمہ (Un-Seen) کیا جاتا ہے۔ قرآن کریم نے یہ لفظ (غیب)' شہادۃ کے مقابلہ میں استعمال کیا ہے۔ اس لئے غیب' نامشہود کو کہیں گے۔۔ لیکن نامشہود کی دو شقیں ہیں۔ ایک تو وہ نامشہود حقیقتیں ہیں جو کبھی مشہود ہو کر سامنے نہیں آ سکتیں۔ جیسے ذات خداوندی۔ لیکن مشہود کی دوسری قسم ایسی حقیقتیں ہیں جو اگر آج غیر مشہود ہیں تو ہو سکتا ہے کہ کل کو' جب انسان کا علم اور آگے بڑھے' وہ مشہود ہو جائیں۔ مثلاً قرآن کریم' اقوام گذشتہ اور انبیاءؑ سابقہ کے بعض حالات بیان کرنے کے بعد کہتا ہے کہ **ذالک من انباء الغیب نوحیه الیک** (3:43)۔ یہ وہ ''غیب'' کی خبریں ہیں جنہیں ہم نے تیری طرف وحی کیا ہے۔ نزول قرآن کے زمانے میں' تاریخ نے ہنوز ان واقعات پر پڑے ہوئے پردے نہیں اٹھائے تھے۔ اس لئے ان کا تعلق ''غیب'' سے تھا۔ ہو سکتا ہے کہ جب تاریخی انکشافات مزید ترقی کریں تو یہ واقعات تاریخ کے مشہود حقائق بن کر سامنے آ جائیں۔ اس زمرہ میں فطرت کی وہ قوتیں بھی آ جاتی ہیں جو ایک وقت میں نامشہود ہوتی ہیں لیکن جب علم انسانی آگے بڑھتا ہے تو وہ مشہود ہو جاتی ہیں۔ نامشہود کے مشہود ہونے کا یہی وہ طریق ہے جس کی طرف اشارہ کرتے ہوئے قرآن کریم نے کہا ہے کہ:

سنریهم ایاتنا فی الافاق وفی انفسهم حتی یتبین لهم انه الحق (41:53)۔

''ہم انہیں انفس و آفاق میں اپنی نشانیاں دکھاتے جائیں گے تا آنکہ یہ حقیقت واضح ہو جائے کہ قرآن کا ہر دعویٰ صداقت پر مبنی ہے۔''

''غیب'' کی ایک اور قسم بھی ہے جس کا سمجھ لینا نہایت ضروری ہے۔ طبیب آپ کو ایک نسخہ لکھ کر دیتا ہے جس کا تیار کرنا بڑا دقت طلب ہے۔ اس کے ساتھ ہی وہ

ایسے پرہیز تجویز کرتا ہے جن سے آپ کو اپنے آپ پر بڑی کڑی پابندیاں عائد کرنی پڑتی ہیں۔ آپ یقینی طور پر نہیں کہہ سکتے کہ اس نسخہ کے استعمال اور طبیب کی ہدایات پر عمل کرنے سے آپ کو شفا ہو جائے گی۔ لیکن اگر آپ کو طبیب کی صداقت پر ایمان ہے' تو آپ ان تمام مشقتوں کو برداشت کرنے کے لئے تیار ہو جائیں گے۔ اس کے بعد' نتائج بتا دیں گے کہ حکیم صاحب نے جو کچھ کہا تھا' بالکل ٹھیک تھا۔ لہٰذا' کسی فارمولا' کسی قانون' کسی ہدایت کے ان دیکھے نتائج پر یقین کرنے کا نام بھی ایمان بالغیب ہے۔ یہ غیب' نتائج سے مشہود بن جاتا ہے۔ دنیائے انکشافات کی ساری عمارت اسی ایمان بالغیب پر استوار ہوتی ہے۔

☆☆☆

اب آیئے سائنس کی طرف۔ یہ کہنا بھی درست نہیں کہ:

(۱) سائنس میں ایمان کو کوئی دخل نہیں اور

(۲) سائنس کا تعلق صرف محسوسات (عالم مشہود) سے ہے۔

علوم سائنس کی ساری بنیاد ان اساسی قوانین پر استوار ہوتی ہے جنہیں (Axioms) کہا جاتا ہے۔ ان قوانین کے متعلق کوئی یہ نہیں بتا سکتا کہ یہ کیوں ایسے ہیں' کائنات میں کیسے موجود ہیں اور کہاں سے آ گئے ہیں۔ ان کے متعلق یہ تسلیم کرنا پڑتا ہے کہ یہ موجود ہیں اور ایسے ہیں۔ انسان کو ان کا علم کیسے ہوا' اس کے متعلق مختلف نظریئے ہیں۔ ایک نظریہ کی رو سے یہ تسلیم کیا جاتا ہے کہ یہ قوانین خود انسان کی فطرت کے اندر موجود ہیں۔ دوسرے نظریہ کی رو سے یہ سمجھا جاتا ہے کہ انسان نے تجربات کے بعد انہیں دریافت کیا ہے۔ یہ دریافت کیسے بھی ہوئے ہوں' یہ حقیقت ہے کہ ان کے ایسا ہونے کے متعلق کوئی دلیل یا توجیہہ پیش نہیں کی جا سکتی۔ بس یہ ایسے ہیں اور انہیں ایسا تسلیم کرنا ہو گا۔ ان قوانین پر ایمان لائے بغیر' سائنٹسٹ ایک قدم نہیں اٹھا سکتا۔

قانون کا سرچشمہ عالم نامشہود ہوتا ہے اور اس کے نتائج محسوسات کے پیکروں میں سامنے آتے ہیں اس لئے قانون پر ایمان' نامحسوسات پر ایمان لانا ہے اور اب تو سائنس ہمیں یہ بھی بتاتی ہے کہ جن چیزوں کو ہم محسوس شکل میں اپنے سامنے دیکھتے ہیں ان کی اصل و بنیاد غیر مرئی اور غیر محسوس دنیا سے تعلق رکھتی ہے۔ اب مادہ (Matter) سمٹ کر توانائی محض (Pure Energy) بن کر رہ گیا ہے جو یکسر نامحسوس ہے۔ سر آرتھر ایڈنگٹن ہمارے دور کا ایک عظیم عالم طبیعیات گزرا ہے۔ وہ اپنی کتاب (Science And The Un-Seen World) میں اس باب میں لکھتا ہے:

> ''میں نے ابھی ابھی عرض کیا تھا کہ سائنس کو اب اس امر پر اصرار نہیں رہا کہ حقیقت عبارت ہے محسوسیت سے۔ یوں بھی جہاں تک اس کے لغوی معنوں کا تعلق ہے' مادیت کا عرصہ ہوا خاتمہ ہو چکا...... اب دنیائے سائنس کا رجحان اس طرف نہیں کہ ہر شے کو مادہ ہی کی ایک شکل قرار دیا جائے۔ مادہ کا رتبہ جہاں طبیعات سے بہت نیچے گر

گیا ہے۔ اس کا رجحان یہ ہے کہ ہر شے کو قانون فطرت کے عمل درآمد ہی کی ایک شکل ٹھہرائے اور قانون فطرت سے مراد کچھ ایسے قوانین ہیں جیسے ہندسہ، میکانیت اور طبیعات میں رائج ہیں...... قانون سائنس کی یہی ہمہ گیر سیادت ہے جس کو آج کل مادیت سے تعبیر کیا جاتا ہے۔'' (ص 31-32)۔

لہٰذا، سائنس کے متعلق یہ کہنا کہ اس کا تعلق عالم محسوسات سے ہے، ایک فرسودہ خیال ہے۔ سائنس، درحقیقت حصول علم یا ادراک حقیقت کے ایک خاص طریق کا نام ہے۔ اس طریق کی عمارت ان بنیادوں پر رکھی ہے کہ:

(۱) یہ سارا سلسلہ کائنات، غیر متبدل قوانین کی زنجیروں میں جکڑا ہوا ہے۔

(۲) محسوس اشیاء کے مطالعہ اور مشاہدہ سے ان قوانین کی صداقت کا علم حاصل ہو جاتا ہے۔ اور

(۳) جب اور جہاں ان قوانین پر عمل کیا جائے گا، وہی نتیجہ مرتب ہوگا۔

سائنس کی یہ بنیادیں خود قرآن کی مہیا کردہ ہیں۔ وہ کہتا ہے کہ:

وسخرلکم ما فی السموات وما فی الارض جمیعا منہ (45:13)۔

''کائنات کی پستیوں اور بلندیوں میں جو کچھ ہے، اسے ہم نے تمہارے لئے قانون کی زنجیروں میں جکڑ رکھا ہے۔''

اب رہا ان قوانین کو دریافت کرنے کا طریقہ، تو اس کے لئے قرآن نے ''علم'' کو لاینفک قرار دیا ہے۔ علم کی (Definition) اس کے نزدیک کیا ہے۔ یہ بڑے غور سے دیکھنے کی چیز ہے۔ وہ کہتا ہے کہ:

لا تقف ما لیس لک بہ علم ان السمع والبصر والفواد کل اولئک کان عنہ مسؤلا (17:36)۔

''جس بات کا تمہیں علم نہ ہو، اس کے پیچھے مت لگا کرو۔ یاد رکھو۔ تمہاری سماعت، بصارت اور قلب، ہر ایک سے اس کی بابت پوچھا جائے گا۔''

آپ سوچئے کہ ''علم'' کی یہ (Definition) بعینہٖ وہی نہیں جسے سائنس پیش کرتی ہے۔ سماعت و بصارت سے مراد ہیں انسانی حواس (Senses)۔ ہمارے حواس، اشیائے کائنات کے متعلق معلومات (Data) فراہم کرتے ہیں، اور انسانی قلب (Mind) ان معلومات سے نتائج اخذ کرتا ہے۔ اس کو سائنٹیفک طریق حصول علم کہا جاتا ہے۔ باقی رہا اس بات کا ٹیسٹ کہ جس نتیجہ پر انسان پہنچا ہے وہ صحیح ہے یا غلط، تو قرآن نے اس کے لئے (Pragmatic Test) تجویز کیا ہے۔ یعنی تم اس پر عمل کرو۔ نتائج خود بخود اس کی صحت وسقم کا ثبوت بہم پہنچا دیں گے۔ چنانچہ قرآن کریم میں رسول اللہ ﷺ سے کہا گیا کہ دین کا پروگرام پیش کر دینے کے بعد، آپ اپنے مخالفین سے کہہ دیجئے کہ اگر تم اس کی صداقت پر اس طرح یقین نہیں کرتے تو اس کا دوسرا طریق یہ ہے کہ:

یقوم اعملوا علی مکانتکم انی عامل فسوف تعلمون من تکون له عاقبة الدار۔

''اے میری قوم! تم اپنے پروگرام کے مطابق کام کئے جاؤ۔ میں اپنے پروگرام کے مطابق کام کرتا ہوں۔نتائج خودبخود بتادیں گے کہ انجام کس کا اچھا ہوتا ہے۔''

آپ دیکھئے کہ کیا حصول علم کا یہ طریق' اوراس کی صحت کے پرکھنے کا یہ معیار' بعینہ وہی نہیں جسے آج سائنٹیفک طریق انکشافات کہا جاتا ہے۔یہی وجہ ہے کہ قرآن ''علماء'' کہتا ہی انہیں ہے جنہیں آج کی اصطلاح میں (Scientists) سائنس دان کہا جاتا ہے۔سورہ فاطر میں ہے:

''کیا تو نے اس پر غور نہیں کیا کہ خدا بادلوں سے بارش برساتا ہے تو اس سے انواع واقسام کے پھل اورفصلیں اگتی ہیں۔پھر پہاڑوں پرغور کرو کہ ان کی چٹانوں پر کس طرح رنگا رنگ کے خطے ہوتے ہیں۔ کوئی سفید' کوئی سرخ' کوئی کالا بھجنگ''۔

اوراسی طرح انسانوں' مویشیوں اور دیگر جاندار مخلوق کی بھی کتنی ہی قسمیں ہیں۔ (یہ حقائق تو سب کے سامنے ہوتے ہیں لیکن) ان کی عظمت کے سامنے وہی لوگ جھکتے ہیں جو' ان پرعلم وبصیرت سے غور وخوض کرتے ہیں۔ یہی وہ لوگ ہیں جنہیں ''علماء'' کہلانے کا حق حاصل ہے۔'' (35:27-28)۔

فطرت کے ان محسوس حقائق وشواہد کو قرآن نے ''آیات'' کہہ کر پکارا ہے اوراس میں ایک عظیم نکتہ پوشیدہ ہے۔ہم پہلے بتا چکے ہیں کہ غیر مرئی اور غیر مشہود حقیقتیں' محسوس طور پر ہمارے سامنے نہیں آسکتیں۔ان کے ادراک کا ایک ہی طریقہ ہے اور وہ یہ کہ محسوس مظاہر (علامات) پر غور وفکر سے انسان غیر مرئی حقائق کے متعلق علم حاصل کرے۔آپ رات کے وقت کسی صحرا میں کھڑے ہوں جہاں آبادی کا نام ونشان تک نہ ہو۔آپ کو دور کہیں آگ نظر آئے۔اس سے آپ اندازہ لگالیں گے کہ وہاں کوئی انسان ہے۔آگ اورانسان میں بظاہر کوئی تعلق نہیں۔لیکن آگ علامت بنتی ہے اس امر کی کہ وہاں انسان ہے۔اسی کو آیت کہتے ہیں۔فطرت کے محسوس مظاہر' آیات بنتے ہیں فوق الفطرت نامشہود حقیقتوں کی۔اسی سے ذہن انسانی کا رخ عالم مشہود سے عالم غیب کی طرف منتقل ہوجاتا ہے۔

اب ایک قدم آگے بڑھئے۔قرآن کہتا ہے کہ جس طرح طبیعی دنیا کے متعلق خدا کے مقرر کردہ اٹل قوانین ہیں' اسی طرح خود انسانی دنیا کے متعلق بھی غیر متبدل قوانین ہیں۔جس طرح طبیعی دنیا کے قوانین کی پابندی سے تعمیری نتائج مرتب ہوتے ہیں' اوران کی خلاف ورزی سے تخریب ہوتی ہے' اسی طرح انسانی دنیا سے متعلق قوانین کے مطابق نظام معاشرہ متشکل کرنے سے انسانیت آگے بڑھتی ہے اوران کی خلاف ورزی سے اس کا ارتقاء رک جاتا ہے جس کا نتیجہ فساد ہوتا ہے۔قوانین فطرت کی طرح' انسانی زندگی سے متعلق قوانین بھی' انسانوں کے خودساختہ نہیں' خدا ہی کے

متعین فرمودہ ہیں۔ چونکہ مشاہدہ' مطالعہ' اور تجربہ کی رو سے قوانین کے انکشاف میں بڑا لمبا عرصہ درکار ہوتا ہے' اس لئے انسانی مشقت کو کم کرنے کے لئے' انسانی زندگی سے متعلق قوانین بذریعہ وحی عطا کر دیئے گئے۔ قوانین فطرت اور انسانی زندگی سے متعلق قوانین میں یہ فرق' صرف ان کے طریق تعلیم میں ہے۔ اس کے بعد دونوں کو غور و فکر اور علم و بصیرت کی رو سے سمجھا جاتا اور عملی نتائج کے ذریعے پرکھا جاتا ہے۔ مغرب کی غلط نگہی یہ تھی (اور ہے) کہ اس نے قوانین فطرت کی اہمیت پر تو اس قدر زور دیا لیکن انسانی زندگی کے متعلق قوانین کو یکسر نظر انداز کر دیا' اور معاشرہ کو اپنے خود ساختہ قوانین کے مطابق متشکل کرنا شروع کر دیا جس کا نتیجہ وہ جہنم ہے جس میں دنیا اس وقت مبتلائے عذاب ہے۔ قرآن نے قوانین فطرت اور انسانی زندگی سے متعلق قوانین دونوں' کی اہمیت پر زور دیا۔ ان کے اس امتزاج کا نام **الدین** ہے۔ ہم الدین کی (Definition) ان الفاظ میں کر سکتے ہیں کہ:

''فطرت کی قوتوں کو مسخر کر کے انہیں مستقل اقدار خداوندی کے مطابق صرف کرنے کا نام الدین ہے۔''

اس سے ظاہر ہے کہ قوانین فطرت (علوم سائنس) اور مستقل اقدار (وحی) کو الگ الگ کیا ہی نہیں جا سکتا۔ اگر ان میں ثنویت (Duality) پیدا کر دی جائے تو اس کا جو نتیجہ مرتب ہوگا اسے قرآن کے الفاظ میں سنئے۔ سورہ بقرہ میں ہے:

''کیا تم الکتاب (ضابطہ قوانین) کے ایک حصہ پر ایمان لانا اور اسکے دوسرے حصہ سے انکار کرنا چاہتے ہو؟ یاد رکھو! تم میں سے جو بھی ایسا کرے گا' اس کا نتیجہ اس کے سوا کچھ نہیں ہوگا کہ وہ دنیاوی زندگی میں ذلیل ہوگا اور اخروی زندگی میں شدید ترین تباہی میں مبتلا۔'' (2:85)

سیکولر تصور حیات میں قوانین فطرت پر ایمان لایا جاتا ہے اور مستقل اقدار سے کفر برتا جاتا ہے۔ اس کا نتیجہ ظاہر ہے۔

''مذہب'' میں قوانین فطرت سے کفر برتا جاتا ہے اور (بزعم خویش) وحی خداوندی پر ایمان لایا جاتا ہے۔ اس کا نتیجہ بھی ظاہر ہے۔

اور دین مین قوانین فطرت اور مستقل اقدار خداوندی' دونوں پر ایمان لایا جاتا ہے۔ اس کا نتیجہ کیا ہوتا ہے' اس کے لئے تاریخ کے اوراق کو چودہ سو سال پیچھے پلٹانا ہوگا۔

مغرب نے مستقل اقدار خداوندی کو فراموش کر رکھا ہے۔ اور مسلمان صدیوں سے ''مذہب'' کا پیرو بن چکا ہے۔ دین نہ وہاں ہے نہ یہاں۔ (یہ قرآن کی دفتین میں محفوظ ہے) جب تک انسان' دین پر عمل نہیں کرتا' انسانیت تباہیوں سے نہیں بچ سکتی۔ یہی وہ حقیقت ہے' جس کی طرف اشارہ کرتے ہوئے اقبال نے کہا تھا کہ ؎

مغرب ز تو بیگانہ' مشرق ہمہ افسانہ
وقت است کہ در عالم نقشِ دگر انگیزی

علامہ پرویز سے متعلق

علامہ آئی۔آئی۔قاضی کے تاثرات

حیدرآباد میں بزمِ طلوع اسلام کے ذیلی کنونشن (منعقدہ نومبر 1960ء) کے موقعہ پر علامہ غلام احمد پرویز کے خطاب کے بعد صدرِ جلسہ علامہ آئی۔آئی۔قاضی سابق وائس چانسلر سندھ یونیورسٹی نے ایک مختصر تقریر کی تھی۔ علامہ قاضی کا اس سرزمین (سندھ) کے رہنے والوں کے دل میں جو مقام ہے اس کے متعلق کچھ کہنے کی ضرورت نہیں ہے۔انہوں نے اس تقریر میں پرویز صاحب کو جو خراجِ تحسین پیش کیا وہ ان ہی کے الفاظ میں درج ذیل ہے:

''میں اس مجمع کے سامنے اپنی ذاتی شہادت پیش کرنا چاہتا ہوں کہ یہ مرد درویش (پرویز صاحب) پچیس تیس برس سے مسلسل قرآن کی آواز بلند کر رہا ہے۔ ایسی آواز جو کسی اور جگہ سے ہمارے کانوں میں نہیں پڑتی لیکن قوم ہے کہ جاگنے کا نام نہیں لیتی۔ میری آپ سے ایک ہی نصیحت ہے اور وہ یہ کہ یہ شخص جس قرآنی طریق کی آپ کو دعوت دے رہا ہے' اگر آپ نے اس کا اتباع کرلیا تو آپ کو موجودہ مصائب سے نجات مل جائے گی۔ قرآنی راستے کے علاوہ نجات وسعادت کی کوئی راہ نہیں۔''

(بحوالہ طلوع اسلام' نومبر 1960ء)

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

درود کا قرآنی مفہوم

نامور فرانسیسی عالم موسیو گاسٹن گار نے اسلام کی حقانیت پر بحث کرتے ہوئے کہا:

''جو لوگ موجودہ زمانے کے لئے قرآن کو مکمل قانون تسلیم نہیں کرتے ان مفکرین کو چاہئے کہ وہ اپنے گریبان میں جھانکیں کہ وہ اپنے ٹکسالی نظریات سے اسلام اور مسلمانوں کے خلاف غداری تو نہیں کر رہے؟''

خدائے جلیل نے اپنے بندوں سے جو کچھ کہنا تھا آخری مرتبہ کہہ دیا۔ شرف انسانیت کی تکمیل کے لئے جو قوانین دیئے جانے تھے، وہ اپنی انتہائی شکل میں دے دیئے گئے۔ اب اس کے بعد انسان کو اپنی منزل مقصود تک پہنچنے کے لئے کسی دوسری مشعل راہ کی ضرورت اور کسی ہادی طریقت کی احتیاج نہ رہی۔ اب انسانیت کے مقام بلند تک پہنچنے کے لئے وہی ایک صراط مستقیم ہے جس پر اس ذات اقدس واعظمؐ کے نقوش قدم جگمگ جگمگ کر رہے ہیں اور جنہیں دیکھ کر ہر خبیر و بصیر پکار اٹھتا ہے کہ:

مقام خویش اگر خواہی دریں دیر
بحق دل بند و راہ مصطفیؐ رو

ہمارا ایمان: ہمیں اچھی طرح سمجھ لینا چاہئے کہ اس قرآنی نظام کے سوا جسے حضور رحمتہ للعالمینؐ نے ساری دنیا کے لئے وجہ شادابی قلب و نگاہ بنایا تھا، انسان کے لئے نجات و سعادت کی کوئی راہ نہیں۔ لیکن ہم نے اس قرآن کو غلافوں میں لپیٹ کر رکھ چھوڑا ہے اور اپنی راہ نمائی کے لئے دوسرے دروازوں پر جبہ سائی کرتے ہیں۔ کیا ایمان اسی کو کہتے ہیں؟ ہم نے اس سحاب کرم کی طرف سے اپنے لب بند کر کے، دنیا کے ہر چشمہ تہذیب و تمدن کو آزما کر دیکھ لیا۔ کیا کہیں سے آب حیات کی ایک بوند بھی ہمارے لئے وجہ سیرابی ہوئی؟ کیا اس کے بعد بھی وقت نہیں آیا کہ ہم پھر اسی ابر نیساں کی طرف رجوع کریں جن کی گہر افشانیوں نے ایک بار ہماری زمین مردہ کو اس طرح زندگی اور شادابی عطا کی تھی کہ اس سے ساری دنیا پر بہار آ گئی تھی۔

مسلمان، قرآن اور نبی اکرم ﷺ کے اسم گرامی کے ساتھ اپنی نسبت ضرور رکھتے ہیں لیکن نسبت رکھنے اور ایمان رکھنے میں بڑا فرق ہے۔ ایمان رکھنے کے معنی یہ ہیں کہ قرآن کے اصولوں کو زندگی کا نصب العین بنایا جائے اور اس ضابطہ حیات کے سامنے سر تسلیم خم کر دیا جائے۔ اس کی وضاحت قرآن نے اس مقام پر کر دی جہاں حضور ﷺ کو رحمت العالمین کہا ہے۔ فرمایا:

قل انما یوحی الی انما الھکم الہ واحد فھل انتم مسلمون (21:108)۔

(اے رسولؐ!) ان سے کہہ دو کہ میری طرف یہ وحی ہوئی ہے کہ تمہارا الٰہ، جس کے قوانین کی اطاعت اختیار کرنی چاہئے صرف ایک (خدائے واحد) ہے۔ اب بتاؤ کہ کیا تم اس کے سامنے سرِ تسلیم خم کرتے ہو"۔

سوال یہ ہے کہ ہمارا سر قرآن کے سامنے خم ہے، یا اس سے سرکشی برتتے ہوئے، اپنے خود ساختہ قوانین و ضوابط کے سامنے؟ غیر مسلم تو قرآن کے متعلق یہ کہتے ہیں کہ:

"اس کی تعلیم کسی مقام پر بھی ناکام ثابت نہیں ہو سکتی۔ ہم اپنے تمام نظامہائے تمدن کے باوجود اسکی حد سے آگے نہیں جا سکتے اور حقیقت یہ ہے کہ کوئی انسان بھی اس سے آگے نہیں جا سکتا"۔ (گوئٹے کا خط ایکرمن کے نام)۔

اقوامِ عالم کے لئے رحمت: وہ نظام جسے رحمت للعالمینؐ کے مقدس ہاتھوں نے متشکل فرمایا۔ اس کا اصل الاصول کیا تھا؟ قرآن میں ہے کہ:

ولقد کتبنا فی الزبور من بعد الذکر ان الارض یرثھا عبادی الصالحون (21:105)۔

"ہم نے ہر آسمانی کتاب میں، اخلاقی اقدار و ضوابط بیان کر دینے کے بعد لکھ دیا تھا (اور اب اس بنیادی حقیقت کو قرآن میں دہراتے ہیں) کہ زمین کا نظم و نسق، صرف ان لوگوں کے ہاتھ میں رہنا چاہئے جن میں اسکی صلاحیت ہو"۔

آپ غور فرمائیے! کہ قرآن نے اس مختصر سے ٹکڑے میں کتنے بڑے انقلاب کا اعلان کیا ہے جس سے نظم و نسق اور اقتدار و اختیار کے تمام سابق معیار (جس کی لاٹھی اس کی بھینس) الٹ کر ان کی جگہ صرف صلاحیت نے لے لی۔

ان فی ھذا لبلغا لقوم عبدین O(21:106)۔

"اس انقلاب آفرین اصول میں، اس قوم کے لئے جو قوانین الٰہیہ کی محکومی اختیار کرے، ایک بڑی دوررس حقیقت پوشیدہ ہے"۔

اس کے بعد ہے:

وما ارسلنک الا رحمۃ للعالمین O(21:107)۔

"یوں اے رسولؐ! تمہاری بعثت تمام اقوام عالم کے لئے وہ قالب، وہ ذریعہ، وہ (Pattern) بن جاتی ہے جس کے اندر رہتے ہوئے افرادِ انسانیہ کی مضمر صلاحیتوں کی نشوونما ہو سکتی ہے"۔

حقیقت یہ ہے کہ دنیا میں جہاں جہاں انسانی صلاحیتوں کی نمود نظر آتی ہے یہ صدقہ ہے اس "رحمت" کا جسے تمام اقوام عالم کے لئے عام کر دیا گیا ہے۔ دنیا قرآنی اصولوں اور اس کی روشنی میں متشکل کردہ قرآنی نظام کے کئی ایک گوشوں کو اپنا چکی ہے۔ بعض کو اپنانے کی کوشش کر رہی ہے اور باقی گوشے ایسے ہیں جنہیں یہ مستقبل میں جا کر اپنائے گی، اس لئے کہ ان کے بغیر انسانی صلاحیتیں اپنی نشو و ارتقاء کی آخری حد تک پہنچ سکتی ہیں نہ حسنِ کائنات میں نکھار پیدا ہو سکتا ہے۔ لہٰذا، بزمِ ہستی میں جہاں کوئی پھول مہکتا دکھائی دیتا ہے۔ وہ اسی جانِ بہار کی نکہت باریوں کا رہینِ منت ہے۔

ہر کجا بینی جہان رنگ و بو
آنکہ از خاکش بروید آرزو
یا زنور مصطفیؐ او را بہاست
یا ہنوز اندر تلاش مصطفیؐ است

آزادی کا مفہوم: اسلام کا خدا' رب العالمین (1:1) اس کا ضابطہ قوانین (قرآن)' **ذکر للعالمین** (38:88)۔اور اس کا رسولؐ **رحمۃ للعالمین** (21:107)۔اس میں رنگ' نسل' خون' زبان' وطن کی' کوئی تخصیص اور تمیز نہیں اور خدا کا آخری نبی' ہونا بھی ایسا ہی چاہئے تھا۔سورۂ ابراہیم کی پہلی آیت ہے کہ:

کتب انزلنہ الیک لتخرج الناس من الظلمت الی النور باذن ربھم الی صراط العزیز الحمیدO(14:1)۔

''یہ قرآن ہم نے تیری طرف اس لئے نازل کیا ہے کہ اسکے ذریعے تو نوع انسان کو ظلمت (تاریکیوں) سے نکال کر نور (روشنی) کی طرف لے آئے (اور) ان کے نشوونما دینے والے کے قانون کے مطابق انہیں زندگی کے اس توازن بدوش راستے پر ڈال دے جو جلال و جمال' غلبہ وقوت' اور حسن و تزئین سب کچھ عطا کر دیتا ہے' کیونکہ وہ اس خدا کی طرف لے جانے والا راستہ ہے جو ان تمام صفات کا مالک ہے۔''

اس آیہ جلیلہ میں قرآن کی خصوصیت یہ بتائی کہ اس کے ذریعے نوع انسان ظلمت سے نور کی طرف آ سکتی ہے۔ظلمات (تاریکیاں) جمع کے صیغے میں آیا ہے۔جس سے مراد ہر قسم کی تاریکیاں ہیں۔۔۔عقائد و تصورات کی تاریکیاں' رسوم و مناسک کی تاریکیاں' تمدن اور معاشرت کی تاریکیاں۔ سیاست اور معیشت کی تاریکیاں۔غرضیکہ زندگی کے ہر گوشے کی تاریکی سے روشنی کی طرف لے آنے والی کتاب۔ ان تاریکیوں کی تفصیل قرآن کے مختلف مقامات میں دی گئی ہے۔لیکن خود ہی اسی سورہ میں تین آیات بعد' ایک ایسا ٹکڑا آتا ہے جس نے ساری بات کو واضح کر کے رکھ دیا اور نکھار کر سمجھا دیا ہے کہ ظلمات کسے کہتے ہیں اور نور کیا ہوتا ہے۔فرمایا:

ولقد ارسلنا موسی بایتنا ان اخرج قومک من الظلمت الی النور (14:5)۔

''ہم نے موسیٰ کو اپنے احکام وقوانین دے کر بھیجا اور اس سے کہا کہ وہ ان کے ذریعے اپنی قوم کو ظلمات سے نور کی طرف لے جائے۔''

قرآن کی اس آیت نے خود بتایا کہ قوموں کی زندگی میں ظلمات کسے کہتے ہیں اور وہ نور کی وادی میں کس طرح داخل ہوتی ہیں۔فرعون کی محکومیت میں قوم بنی اسرائیل جس قسم کی زندگی بسر کر رہی تھی اسے ظلمات سے تعبیر کیا گیا ہے۔اس کی مزید تشریح کی ضرورت نہیں۔قرآن میں اس داستان الم انگیز کی تفاصیل ملتی ہیں۔حضرت موسیٰؑ ضابطہ خداوندی کے مطابق اس قوم کو فرعون کی محکومی سے نکال کر سینا کی ان وادیوں میں لے آئے جہاں ان کے اور ان کے خدا کے درمیان کوئی دوسری قوت حائل نہ تھی اور جہاں انہیں اس امر کی پوری آزادی حاصل تھی کہ وہ خدا کے قوانین کے ماتحت زندگی بسر کریں۔اس کو قرآن نے نور سے تعبیر کیا ہے۔

نزول ملائکہ کا مفہوم: اللہ تعالیٰ نے نبی اکرمؐ کے متعلق کہا ہے کہ ان کی بعثت کا مقصد یہ ہے کہ وہ قرآن کے ذریعے پوری کی

پوری نوع انسانی کو ظلمات سے نکال کر نور کی طرف لے آئیں گے۔ظاہر ہے قرآن کے اس دعویٰ کا عملی تجربہ نبی اکرمؐ کے مقدس ہاتھوں سے ہوا۔آپؐ نے اپنی قوم کی تربیت قرآن کی روشنی میں کی اور ساری دنیا نے دیکھ لیا کہ وہ قوم کس طرح ظلمات سے نکل کر نور کی طرف آ گئی۔ یہ کچھ کیسے ہوا تھا؟ قرآن اور تاریخ میں اس کی تفاصیل موجود ہیں۔ان کا ماحصل یہی ہے کہ محمد رسول اللہ ﷺ نے اپنے یقین محکم اور عمل پیہم سے باطل کی ہر قوت کا مقابلہ کیا اور اسے شکست دے کر فاتح اور منصور آگے بڑھتے چلے گئے تا آنکہ عہد جاہلیت کی تمام انسانیت سوز تاریکیاں ایک ایک کر کے چھٹ گئیں اور زمین اپنے نشوونما دینے والے کے نور سے جگمگا اٹھی۔

قرآن ہمیں بتاتا ہے کہ جو قوم قوانین خداوندی کے مطابق چلتی ہے کائناتی قوتیں (جنہیں قرآن ملائکہ کہہ کر پکارتا ہے) بھی اس کا ساتھ دیتی ہیں۔کائناتی قوتوں میں کچھ تو وہ ہیں جو طبعی دنیا سے متعلق ہیں اور جن کی تسخیر سے انسان، حدود فراموش قوتیں حاصل کرتا چلا جاتا ہے۔ کچھ قوتیں اس کی نفسیاتی دنیا سے متعلق ہیں۔قانون خداوندی کے مطابق زندگی بسر کرنے سے یہ قوتیں بھی انسان کا ساتھ دیتی ہیں۔جس کا نتیجہ یہ ہوتا ہے کہ اس کا سینہ تضادات (Contradictions) کی رزمگاہ بننے کی بجائے سکون وطمانیت کی جنت بن جاتا ہے۔اسے قرآن ملائکہ کی تائید کہتا ہے۔

ان الذین قالو ربنا اللہ ثم استقاموا تتنزل علیھم الملئکۃ الا تکافوا ولا تحزنوا وابشروا بالجنۃ التی کنتم توعدونO(41:30)۔

جو لوگ اس حقیقت کا اقرار کرتے ہیں کہ ہمارا نشوونما دینے والا اللہ ہے اور پھر اپنے اس اقرار اور ایمان پر جم کر کھڑے ہو جاتے ہیں اور دنیا کی کوئی قوت ان کے پائے استقامت میں لغزش پیدا نہیں کرتی تو ان پر ملائکہ کا نزول ہوتا ہے (خدا کی کائناتی قوتیں ان کا ساتھ دیتی ہیں اور ان کے لئے باعث تقویت بنتی ہیں 33:43) اور اس طرح ان سے کہتی ہیں کہ تم کسی قسم کا خوف نہ کرو۔ نہ ہی افسردہ خاطر ہو۔تمہارے لئے اس جنتی معاشرہ کی خوشخبری ہے جس کا تم سے وعدہ کیا گیا ہے۔" (43:13)۔

ملائکہ کے نزول کا نتیجہ یہ ہوتا کہ ان کے دل سے خوف و حزن جاتا رہتا ہے اور صرف اتنا ہی نہیں (کیونکہ خوف و حزن کا جاتے رہنا تو محض منفی نتیجہ Negative Result ہے)۔ بلکہ مثبت (Possitive) کامرانیاں اپنی انتہائی درخشندگی و تابناکی سے ان کے سامنے آ جاتی ہیں اور ملائکہ ان سے کہتے ہیں:

نحن اولیوکم فی الحیوۃ الدنیا و فی الاخرۃ (41:31)۔

"ہم اس دنیا کی زندگی میں بھی تمہارے رفیق ہیں اور آخرت کی زندگی میں بھی تمہارے رفیق ہوں گے۔"

(اس لئے تمہیں یہ جنتی زندگی اس دنیا میں بھی نصیب ہو گی اور آخرت میں بھی)۔

جماعت مومنین کا فریضہ: یہی تھی ملائکہ کی وہ تائید جو جماعت مومنین کو بدر کے میدان میں حاصل ہوئی تھی (8:12)۔سورۂ الاحزاب میں مومنین کے بارے میں ہے کہ:

ھو الذی یصلی علیکم و ملئکتہ

لیخرجکم من الظلمت الی النور وکان بالمومنین رحیما (33:43)۔

''اے جماعت مومنین! خدا اور اس کے ملائکہ تم پر تحسین و آفرین کے پھول برساتے ہیں اور ان کی تائید ونصرت تمہارے ساتھ ہے تاکہ وہ ظلمات سے نور کی طرف لے جائے۔ مومنین پر اللہ کی رحمت ہوتی ہے۔ وہ انکی پوری پوری نشوونما کرتا ہے اور ان کی کوششوں کے بھرپور نتائج سے نوازتا ہے''۔

یہ کچھ کس طرح ہوتا ہے؟ اس کا جواب اس سے پہلی دو آیات میں ہے جہاں کہا ہے کہ:

یایھا الذین امنوا اذکر اللہ ذکرا کثیراO وسبحوہ بکرۃ واصیلاO(42-33:41)۔

''اے جماعت مومنین! تم قوانین خداوندی کو ہر وقت اپنی نگاہوں کے سامنے رکھو۔ اس طرح کہ وہ کبھی تمہاری نگاہوں سے اوجھل نہ ہونے پائیں اور اس کے متعین فرمودہ پروگرام کی تکمیل میں صبح وشام (ہمیشہ اور مسلسل) سرگرم عمل رہو۔ تم ایسا کروتو اس کے بعد تم دیکھو گے کہ خدا اور اس کے ملائکہ کی تائید اور نصرت کس طرح تمہارے ساتھ رہتی ہے اور تم کس طرح ظلمات پر قابو پا کر اپنی زندگی کو نورانیت میں لے آتے ہو''۔

یہ ہے برادران اسلام! خدا اور ملائکہ کی تائید ونصرت جو جماعت مومنین کو حاصل ہوتی ہے تاکہ وہ اپنے جہاد مسلسل سے ''ظلمات سے نور'' کی طرف آ جائیں۔

صلوا علیہ کا عملی مفہوم: یہ تو جماعت مومنین کے لئے کہا۔ اور اسی چیز کو نبی اکرمؐ کے لئے خصوصیت سے دہرایا جہاں فرمایا:

ان اللہ و ملٰئکتہ یصلون علی النبی (33:56)۔

''اللہ اور اس کے ملائکہ نبی پر تحسین و آفرین کے پھول برساتے ہیں۔ ان کی تائید ونصرت رسولؐ اللہ کے ساتھ ہے۔''

یایھا الذین امنوا صلوا علیہ...... (33:56)۔

''اے جماعت مومنین! تم بھی ایسا کرو کہ تمہاری تائید ونصرت رسولؐ اللہ کے ساتھ رہے۔''

یہ وہی چیز ہے جسے دوسری جگہ ان الفاظ میں کہا گیا ہے کہ:

فالذین امنوا بہ و عزروہ و نصروہ (7:157)۔

''وہ لوگ جو اس رسول پر ایمان لائیں اور عظمت مندانہ انداز سے اس کی تائید ونصرت کریں۔''

سورہ فتح میں ہے:

لتومنوا باللہ و رسولہ و تعزروہ و توقروہ و تسبحوہ بکرۃ واصیلا (48:9)۔

''جماعت مومنین اس نظام خداوندی کی محکمیت پر کامل یقین رکھے جو اس کے رسول کی وساطت سے متشکل ہو رہا ہے اور اس کے قیام اور استحکام کے لئے اس (رسول) کی مدد کرے اور اس کی عظمت وتوقیر کو بلند کرے اور اس مقصد کے لئے ہر وقت کوشاں اور سرگرداں رہے''۔

اب سوال یہ ہے کہ جماعت مومنین --- صلوا علیہ --- کا فریضہ کس طرح ادا کرے؟ اس کا جواب خود قرآن نے اس مقام پر دے دیا جہاں فرمایا کہ:

صلوا علیہ وسلموا تسلیما (33:56)۔

''وہ اپنی تائید ونصرت رسول کے ساتھ رکھیں یعنی اس کی کامل اطاعت کریں۔''

یہ ہے برادران اسلام' **صلوا علیه** کا عملی مفہوم۔ اس مقام پر قرآن نے اطاعت کے لئے **سلموا تسلیما** کہا ہے۔اس کی تشریح دوسرے مقام پر یوں کردی:

فلا و ربک لا یومنون حتی یحکموك فیما شجر بینهم ثم لا یجدوا فی انفسهم حرجا مما قضیت و یسلموا تسلیما (4:65)۔

''تیرا نشوونما دینے والا اس حقیقت پر شاہد ہے کہ لوگ اپنے دعوٰی ایمان میں کبھی سچے نہیں ہو سکتے جب تک ان کی عملاً یہ حالت نہ ہو کہ اپنے تمام متنازعہ فیہ امور میں تمھیں (اے رسولؐ) حکم نہ بنائیں اور پھر جو فیصلہ تو دے اس کے متعلق اپنے دلوں کے اندر بھی کوئی گرانی محسوس نہ کریں اوراس طرح یہ تیری پوری پوری اطاعت کریں۔

یہ ہے مفہوم۔۔**سلموا تسلیما**۔۔کا۔اس مقام پر یہ کہا اورسورہ اعراف میں فرمایا:

واتبعوا النور الذی انزل معه' (7:157)۔

''مومنین پر لازم ہے کہ وہ اس رسولؐ کی تائید ونصرت کریں یعنی اس کتاب کی اتباع کریں جو اس پر نازل کی گئی ہے۔''

اس سے آپ نے سمجھ لیا ہوگا کہ۔۔یا یھا الذین امنوا صلوا علیه وسلموا تسلیما (33:56)۔ ایک بہت بڑا پروگرام تھا (اور ہے) جس سے مراد ہے جماعت مومنین کی طرف سے پوری پوری اطاعت وراس سے مقصود یہ ہے کہ جماعت خود بھی ظلمات سے نکل کر نور کی طرف آجائے اوراس کے بعد تمام نوع انسان کو نور کی طرف لے آئے۔ظاہر ہے بھائیو! کہ یہ پروگرام چند الفاظ کے دہرانے سے تو پورا نہیں ہوسکتا۔ یہ تو مسلسل جہاد چاہتا ہے۔اس سے اگلی آیت میں جماعت مومنین سے کہا گیا کہ:

ان الذین یوذون الله و رسوله' لعنهم الله فی الدنیا والاخرة (33:57)۔

''جو اللہ اور رسول کو ایذا پہنچاتے ہیں وہ دنیا اور آخرت میں نعمائے خداوندی سے محروم رہ جاتے ہیں۔''

یہاں **''سلموا تسلیماً''** کے برعکس **''یوذون''** آیا ہے۔لہٰذا' خدااور رسول کو ایذا دینے کے معنی ہیں ان کی سرکشی اور معصیت' عدم اطاعت۔ یہ بعینہ وہ چیز ہے جو بنی اسرائیل نے کی تھی۔چنانچہ چند ہی آیات آگے چل کر اس کی تشریح کردی۔ جہاں فرمایا کہ:

یایھا الذین امنوا لا تکونوا کالذین اذ و موسیٰ...... (33:69)۔

''اے جماعت مومنین! دیکھنا کہیں تم اس قوم کی طرح نہ ہوجانا جس نے موسیٰ کو اذیت پہنچائی تھی۔''

قوم بنی اسرائیل نے حضرت موسیٰ کے احکام وہدایات کی نافرمانی کی تھی۔اس کی تفصیل قرآن کے مختلف مقامات پر موجود ہے۔

یاد رکھئے! جسے ہمارے ہاں ''درود شریف'' کہا جاتا ہے وہ مجاہدانہ سعی و عمل اور جانفروشانہ اطاعت وفرمان پذیری کا ایک عملی پروگرام ہے۔اس حقیقت کو ہمیشہ اپنے سامنے رکھئے' کہ خدا کی کتاب' جماعت کو کچھ کرنے کا پروگرام دینے کے لئے آئی ہے۔ جب قوم سے قوت عمل جاتی رہی تو رفتہ رفتہ 'کرنا' پڑھنے میں بدلتا چلا گیا۔اوراس کے متعلق اسے زیادہ اور کیا کہا جائے۔۔۔

وا ماندگی شوق تراشے ہے پناہیں!

بسم اللہ الرحمن الرحیم

محترم شوکت عزیز صاحب وزیر خزانہ اسلامی جمہوریہ پاکستان

عنوان = غریبی کا خاتمہ اور سپاہِ ربوبیت

السلام علیکم ورحمتہ اللہ وبرکاتہٗ

بجٹ سے پہلے اور بعد اب تک یہ مسئلہ زیر بحث ہے کہ غریبی کو کیسے ختم کیا جائے۔اس کا وہی جواب قابلِ توجہ اور مؤثر ہوگا جس کی تائید قرآن کریم سے ہوتی ہو۔اس کا سادہ سا جواب یہ ہے کہ حکومت اپنی قائم کردہ ''سپاہِ ربوبیت'' سے اس کو ختم کر سکتی ہے۔آپ اس کا جذبۂ محرکہ ملاحظہ فرمائیں۔

(۱) اللہ جل جلالہٗ کی صفت رب/ فاعلہ بھی ہے(حوالہ سورۃ نمبر/آیت نمبر)

(الف) اللہ اعلم ۶/۱۲۵ انا اعلم ۱/۶۰ نحن اعلم ۵۰/۴۵ انی اعلم ۲/۳۰ ربی اعلم ۱۸/۲۲ ربك اعلم ۱۰/۴۰ ربکم اعلم ۱۷/۲۵۔ (ب) الحمد للہ رب العلمین (۱/۲)۔(ج) حضرت موسیٰ علیہ السلام سے۔ یٰموسیٰ انی انا اللہ رب العلمین ۲۸/۳۰۔ حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم سے۔انا ربکم فاعبدون ۱۷/۹۲۔ (د) حضرت نوح علیہ السلام۔ولکنی رسول من رب العلمین ۷/۶۱۔حضرت ابراہیم علیہ السلام۔قال اسلمت لرب العلمین ۲/۱۳۱۔حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم۔وامرت ان اسلم لرب العلمین ۴۰/۶۶ اور قرآن۔وانہ لتنزیل رب العلمین ۲۶/۱۹۲۔

ایمان کا جذبۂ ربوبیت رب العلمین ۶/۱۶۳ پر ایمان لائے بغیر پورا نہیں ہوتا جو دوسروں کی ربوبیت نہ کرے اس کا ایمان کیا؟

(۲) وسائل ربوبیت۔ارض۔سورج کی روشنی' حرارت' ہوا' پانی۔

(الف) حضرت شعیب علیہ السلام کی اونٹنی۔تاکل فی ارض اللہ (۷/۶۳)۔ارض ہر ایک کے لئے۔والارض وضعھا للانام ۱۰/۵۵۔ (ب) متقین کی وراثت۔ان الارض یورثھا من یشاء من عبادہ والعاقبۃ للمتقین ۷/۱۲۸۔

(۳) سائل اور محروم کا حق۔والذین فی اموالھم حق معلوم ٥ للسائل والمحروم ۲۵۔۷۰/۲۴۔ (صدقات وزکوٰۃ)۔

(۴) ضرورت سے زائد۔ویسئلونك ماذا ینفقون قل العفو ۲/۲۱۹۔

(۵) دوسروں کو ترجیح دینا۔ویؤثرون علی انفسھم ولو کان بھم خصاصۃ ۵۹/۹۔

(۶) سپاہِ ربوبیت ان شواہد کی روشنی میں اگر آپ مخلص ہیں تو سپاہِ ربوبیت کے قیام پر ضرور غور فرمائیں۔

والسلام

ملک حنیف وجدانی' صدر باغبان ایسوسی ایشن' سنبل سیداں' نیومری-10/6/2003

ECONOMIC SYSTEM OF THE HOLY QURAN

By
G.A. Parwez
Translated by:
Dr. Mir Mustafa Husain

=======

It is well known that the Holy Quran is the Book revealed by Allah to His last Prophet Muhammad (S), as a perfect code of life for mankind. In the presence of the Final Divine revelation, the world needs no other code of life. The Quran claims that it will fulfil the responsibility of guiding the whole mankind for all times, for all levels, and in all places. At no point of time it gives a negative answer that it does not have for the solution of problems of mankind. If one takes this as a claim even in a cursory way, it will become clear that this Divine Book, code of life, provides a balanced economic system which as and when put into practice, will certainly solve all the economic problems of mankind in the most satisfactory manner. As a result of this, the living world becomes a real welfare State. Similarly when its teachings are followed truly and sincerely, these will ensure Paradise in this life and life in Hereafter. This paper briefly presents the Economic System of the Holy Quran.

It may be mentioned further that the Quran is not a book containing religious advice and counsel nor the one that teaches the rituals of worship. It is a perfect code of life and a practical guide in every walk of life, enabling man to formulate a system that ensures the right type of quality life. Among the evolutionary stages through which life has passed and attained the present level (of human existence), where in the physical system of life i.e. the growth and development of the body has an outstanding significance. The fact is that every code of ethics and civilization, all precepts and counsels, exigency of every religion, prayers and rituals of shariyat, rights and duties of an individual and community, and for that matter every kind of guidance is for the living human beings only. The dead person the (corpse of a human being) can neither a Momin (Believer) nor an Kafir (Unbeliever), neither an innocent nor a sinner. It is devoid of all kinds of responsibilities, rights, and duties. According to the Holy Quran human living physique and body are so precious that whosoever unjustly killed an innocent living being it is as bad as if he has killed the entire mankind. And if a one has saved even one human life, it is as good as if he had saved the entire mankind (5:32). This is the reason why the Quran has prescribed the most severe punishment for a murderer (4:92-93). It is evident that when human life possesses so much significance, it could be imagined as to how much important will be those ways and means upon which life depends. The Holy Quran has termed these ways and means of life as "rizq" (sustenance) and now in popular parlance it is called 'bread'. Discussions related to 'bread' are called the Economics and the science of economy i.e. livelihood. How much significance the Quran attaches to the problem of bread could be seen through the fact that in the beginning of the Holy Quran itself (i.e. the Sura Al Fatihah — the first surah in its opening) the Muslims have been taught the prayer: "Show us the straight way, the way of those on whom thou hast bestowed Thy Grace." (1:5-6).

Yet in another place in Surah Al Nahl, it is shown that peace and abundance of sustenance are the favours of Allah whereas hunger and terror are Allah's chastisements (16:112). The privileges of Adam's paradise, described by the Quran, are such that neither hunger nor thirst will cause any problem, nor will he be deprived of clothing and shelter over there (20:118). Also, every human being, wherever he may be, will get his sustenance in abundance (2:35; 7:19). In Surah TaHa, it is stated clearly: 'Whosoever turns away from Our laws, his sustenance will be narrowed down'. It has also been clarified that a person whose sustenance is squeezed, he shall be raised blind on the Day of Judgement too (20:124). Yet in another place, the Quran says that whosoever is 'blind' in this world will be 'blind' in the Hereafter too (17:72). In surah Al Maidah it is said: Had the Jews and the Christians

followed the Torah and the Bible they would have been given abundant sustenance from earth and heaven (5:66) i.e. the doors of blessings from earth and heaven should have been indeed opened out to them (7:96).

Prayer of Prophet Abraham

The significance of sustenance could also be judged from the prayer of Prophet Abraham that when he completed the construction of the building called Kaba — ‛First House of Allah on earth’ — standing in the sacred mosque, he made his first prayer to Allah saying: O sustainer of all creations! Make this habitat a sanctuary for the oppressed people of the world (95:3), and grant the bounties of life abundantly (14:37). This prayer of Prophet Abraham has been repeated in Surah Ibrahim also too (14:37). The people of Makkah have been reminded as to how Allah had kept them in peace and security against fear, and how the sustenance flowed in abundance from all directions (28:57; 106:4).

Introductory Principles

